**SENATE OF PAKISTAN**
**SENATE DEBATES**

---

*Sunday, February 9, 1992*

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad, at four of the clock in the evening, with Mr. Presiding Officer (Dr. Bisharat Elahi) in the Chair.

---

*RECITATION FROM THE HOLY QURAN*

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْۤا اَنْصَارَ اللّٰهِ كَمَا قَالَ عِيْسَى
ابْنُ مَرْيَمَ لِلْحَوَارِيّٖنَ مَنْ اَنْصَارِيْۤ اِلَى اللّٰهِ ۗ قَالَ
الْحَوَارِيُّوْنَ نَحْنُ اَنْصَارُ اللّٰهِ فَاٰمَنَتْ طَّآىِٕفَةٌ مِّنْۢ بَنِيْۤ
اِسْرَآءِيْلَ يٰبَنِيْۤ اِسْرَآءِيْلَ اِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ
مُّصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيَّ مِنَ التَّوْرٰىةِ وَمُبَشِّرًۢا
بِرَسُوْلٍ يَّاْتِيْ مِنْۢ بَعْدِي اسْمُهٗۤ اَحْمَدُ ۗ فَلَمَّا
جَآءَهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ قَالُوْا هٰذَا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۞ وَمَنْ
اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ وَهُوَ يُدْعٰۤى
اِلَى الْاِسْلَامِ ۗ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۞
يُرِيْدُوْنَ لِيُطْفِـُٔوْا نُوْرَ اللّٰهِ بِاَفْوَاهِهِمْ وَاللّٰهُ مُتِمُّ
نُوْرِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ۞ هُوَ الَّذِيْۤ اَرْسَلَ
رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ
كُلِّهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ ۞ (سورة النساء)

ترجمہ : اے ایمان والو! کیا میں تم کو ایسی سوداگری بتلاؤں جو تم کو ایک دردناک عذاب سے
بچالے۔ تم لوگ اللہ پر اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ اور اللہ کی راہ میں اپنے مال اور
جان سے جہاد کرو یہ تمہارے لئے بہت ہی بہتر ہے اگر تم کچھ سمجھ رکھتے ہو۔ اللہ
تمہارے گناہ معاف کرے گا۔ اور تم کو ایسے باغوں میں داخل کرے گا جن کے
نیچے نہریں جاری ہوں گی اور عمدہ مکانوں میں جو ہمیشہ رہنے کے باغوں میں ہوں گے۔
یہ بڑی کامیابی ہے اور ایک اور بھی ہے کہ تم اس کو پسند کرتے ہو۔ اللہ کی طرف سے
مدد اور جلدی فتح یابی اور آپ مومنین کو بشارت دے دیجئے۔ وماعلینا الا البلاغ -

**SENATE OF PAKISTAN**

**SENATE DEBATES**

---

*Sunday, February 9, 1992*

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad, at four of the clock in the evening, with Mr. Presiding Officer (Dr. Bisharat Elahi) in the Chair.

---

## *RECITATION FROM THE HOLY QURAN*

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْٓا اَنْصَارَ اللّٰهِ كَمَا قَالَ عِيْسَى
ابْنُ مَرْيَمَ لِلْحَوَارِيّٖنَ مَنْ اَنْصَارِيْٓ اِلَى اللّٰهِ ۭ قَالَ
الْحَوَارِيُّوْنَ نَحْنُ اَنْصَارُ اللّٰهِ فَاٰمَنَتْ طَّاۗىِٕفَةٌ مِّنْۢ بَنِيْٓ
اِسْرَاۗءِيْلَ يٰبَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ اِنِّىْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ
مُّصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيَّ مِنَ التَّوْرٰىةِ وَمُبَشِّرًۢا
بِرَسُوْلٍ يَّاْتِيْ مِنْۢ بَعْدِي اسْمُهٗٓ اَحْمَدُ ۭ فَلَمَّا
جَاۗءَهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ قَالُوْا هٰذَا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝ وَمَنْ
اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ وَهُوَ يُدْعٰٓى
اِلَى الْاِسْلَامِ ۭ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝
يُرِيْدُوْنَ لِيُطْفِــُٔوْا نُوْرَ اللّٰهِ بِاَفْوَاهِهِمْ وَاللّٰهُ مُتِمُّ
نُوْرِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ۝ هُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ
رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ
كُلِّهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ ۝ (سورۃ النساء)

ترجمہ: اے ایمان والو! کیا میں تم کو ایسی سوداگری بتلاؤں جو تم کو ایک دردناک عذاب سے بچالے۔ تم لوگ اللہ پر اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ اور اللہ کی راہ میں اپنے مال اور جان سے جہاد کرو یہ تمہارے لئے بہت ہی بہتر ہے اگر تم کچھ سمجھ رکھتے ہو۔ اللہ تمہارے گناہ معاف کرے گا۔ اور تم کو ایسے باغوں میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں جاری ہوں گی اور عمدہ مکانوں میں جو ہمیشہ رہنے کے باغوں میں ہوں گے۔ یہ بڑی کامیابی ہے اور ایک اور بھی ہے کہ تم اس کو پسند کرتے ہو۔ اللہ کی طرف سے مدد اور جلدی فتح یابی اور آپ مومنین کو بشارت دے دیجئے۔ وماعلینا الا البلاغ ۔

**Syed Abdullah Shah:** Sir, point of order.

**Mr. Presiding Officer** (Dr. Bisharat Elahi): Yes please.

**Syed Abdullah Shah:** Sir, an ugly incident has happened today that when honourable Senator Hafiz Hussain Ahmad was coming to the National Assembly building to attend the session and this information I have got from one honourable journalist, he was stopped to enter the building saying that the Speaker has so ordered, the Senator or no Senator you can not go and I think it is on that account that Hafiz Sahib is not present here, I thought he will come himself and move it but he was stopped to enter the building. So I will draw the attention of the House through you that this is not only the breach of privilege of one Senator but the House as a whole. Today one Senator has been stopped from entering the building, tomorrow even our Chairman can be stopped, so something has to be done and some action should be taken in this respect.

**Mr. Presiding Officer:** I agree with you Shah Sahib, it is a very serious matter and if the information is correct..........

**Syed Abdullah Shah:** Sorry Sir, for interruption, even I have heard that the honourable Senator held a press conference while sitting on the ground outside the Parliament House because when I was entering a lot of journalists were sitting there and they were not allowed to enter but he perhaps came after me, so this is what I have heard and I wanted to bring it to your notice.

**Mr. Presiding Officer:** I think we will depute somebody to go and find out what has precisely happened so that we can take the matter further.

**Haji Jam Kararuddin:** Then somebody from the House should go there and find out the fact.

**Mr. Presiding Officer:** We are sending somebody to go and find out. Yes, Muhammad Ali Khan Sahib.

**Mr. Muhammad Ali Khan:** Mr. Chairman Sir, this is a matter of great shame that one of our members has been stopped by the orders of the Speaker of the National Assembly. This building belongs to both

the Houses and as such we are entitled to enter at any time that we so desire, whether it is through Gate No. 1 or Gate No. 5, so if you instruct me I will go to the honourable member and try to persuade him to come to this House.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی ہاں میرا خیال ہے آپ ضرور جائیں ان سے بات کریں اور انہیں کہیں کہ یہاں تشریف لائیں اور بیان کریں تاکہ ہمیں بھی پتہ چل سکے کہ ان کے ساتھ کیا ہوا۔ and after that we will take further action on it.

## LEAVE OF ABSENCE

جناب خلیق الزمان صاحب نے علالت کی بنا پر مورخہ 20 فروری تک ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں۔

(رخصت منظور کی گئی)

جناب مختار احمد خان صاحب نے ملک سے باہر ہونے کی وجہ سے حالیہ مکمل اجلاس کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں۔

(رخصت منظور کی گئی)

جناب گلزار احمد خان ذاتی مصروفیات کی بنا پر 2 اور 4 فروری کو اجلاس میں شرکت نہیں کر سکے۔ لہٰذا انہوں نے ایوان سے ان تاریخوں کے لئے رخصت کی درخواست کی ہے، کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں۔

(رخصت منظور کی گئی)

**Mr. Presiding Officer:** Next item on the agenda in 'privilege motions'. We have got privilege motion by Syed Iqbal Haider on the statement of Chaudhry Shujat Hussain.

**Ch. Abdul Ghafoor:** Sir, if at all this motion is to be discussed, I would request that Mr. Shujat Hussain who is personally involved in this case as his person is concerned, he is not within the country, he is abroad, so I would request that if this motion be taken on his coming back.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: میراخیال ہے کہ اقبال حیدر صاحب اسے move کر دیں۔
and then we can wait for the Minister to come and take it up.

**Ch. Abdul Ghafoor:** That is right Sir.

PRIVILEGE MOTION
*RE:* PRESS STATEMENT OF INTERIOR MINISTER
CH. SHUJAT HUSSAIN

**Syed Iqbal Haider:** Sir, I request that the ordinary business of the House may be suspended to consider the following privilege motion:—

"The Federal Interior Minister, Ch. Shujat Hussain, in a statement issued to the Press and published in major newspapers, including "Pakistan Times" of November 19, 1991 has:—

(a) deplored the attitude of the Opposition specially the PPP in the Senate on Monday on the Bill relating to amendment in Clause 123 of PPC and said they have exposed their hollow claims for love of Pakistan;

(b) Ch. Shujat Hussain lamented that instead of supporting the Bill, the Opposition in the Senate adopted negative attitude and opposed the Bill. He said their attitude has demonstrated that they have no love for Pakistan and no respect for the National Flag. This, he said, also negates their claims for Pakistan and the National Flag; and

(c) termed the attitude of the Opposition as stupidity and devoid of sense of duty and responsibility. He said such an attitude is not expected from patriotic people. Only the enemies of the country could adopt such posture, Ch. Shujat Hussain added.

The above charges and allegations of the Federal Interior Minister are wholly baseless, false, derogatory against the members of Opposition in the Senate, particularly those representing PDA and

PPP. The Federal Interior Minister has clearly made a false statement about the proceedings of the House and speeches made in the House by the members of Opposition particularly those representing PDA and PPP, while debating on the Bill to further amend the Pakistan Penal Code, in the House on Monday the November 18, 1991. The Opposition members had opposed this Bill only to persuade the Government to incorporate meanings and definition of the word "Ideology of Pakistan" in section 123 A of the Pakistan Penal Code. As regards other amendments relating to "defiling or putting on fire the National Flag", were not opposed in any manner by any member of Opposition, as can be verified from the record of the Senate. The aforesaid Opposition to the amendment cannot be termed as unpatriotic act or a posture of enemies of Pakistan, as alleged by the Federal Interior Minister.

The aforesaid statement of the Federal Minister for Interior clearly constitutes a serious breach of privilege of the Members of the Opposition in the House as well as of the entire House. The above mentioned motion raises a serious issue of breach of privilege of the Opposition Members as well as of the House and it deserves to be admitted and discussed in the House during the next session.

Sir, I do not mind that it may be discussed in the presence of the honourable Federal Minister for Interior but I may emphasise here that it has caused grave pain, anxiety and anger to us by the term and the words that have been used and attributed towards the Opposition Members in this Parliament, perhaps, such words nobody would use even against the real enemy of Pakistan. This is not the language, this is a clearcut distortion of the proceedings of this honourable House and it has to be corrected.

**Mr. Presiding Officer:** Iqbal Haider Sahib as I said you can move this privilege motion but we will keep it pending till the honourable Minister for Interior is in the House when it will be taken up.

**Syed Iqbal Haider:** Right. Thank you, Sir.

**Mr. Presiding Officer:** Next we come to the adjournment motions, Raja Muhammad Afzal Khan, Prof. Khurshid Ahmed and Syed Faseih Iqbal on the malpractices in the construction of houses for the retired and nearing retirement employees of the Federal Government.

*(Voices:Hafiz Shaib has come in the House)*

**Mr. Presiding Officer:** I think we will listen to what Hafiz Hussain Ahmed had to say.

حافظ حسین احمد : شکریہ جناب چیئرمین۔ دراصل اب میرے پیچھے ہمارے رفقاء تشریف لائے۔ میں سمجھتا ہوں کہ آج اس پارلیمانی ' دور میں ایک المیہ ہے کہ ارکان پارلیمنٹ کے لئے بھی پارلیمنٹ کے دروازے بند کر دیے گئے۔ میں نہیں سمجھتا کہ پارلیمنٹ اس عمارت کا نام ہے جس میں سینٹ 'یعنی ایوان بالا اور ایوان زیریں یعنی قومی اسمبلی کی عمارت اور ہال واقع ہے۔ بدقسمتی سے چند دنوں سے یہ صورت حال پیش آئی ہے کہ کبھی اس پارلیمنٹ کے دروازوں کو جناب صدر مملکت غلام اسحاق خان کے لئے بند کیا جاتا ہے اور کبھی اس پارلیمنٹ کے دروازوں کو پارلیمنٹ کے ارکان کے لئے بند کیا جاتا ہے۔ جناب چیئرمین ' جموں و کشمیر لبریشن فرنٹ نے جناب امان اللہ خان کے بیان اور جو صورت حال مقبوضہ اور آزاد کشمیر کے بارڈر پر پیش آنے والی ہے اس کے متعلق اپنی تحریک التواء اور اس کے ساتھ ساتھ پریس کے صحافی بھائیوں سے گفتگو کی غرض سے میں جونہی پارلیمنٹ کے دروازے پر پہنچا ' میرے ساتھ چند صحافی ساتھی بھی تھے۔ جب ہم گئے تو انہوں نے ہمیں روک دیا۔ ہم نے پوچھا ' کیا بات ہے تو کہا گیا کہ جناب محترم گوہر ایوب خان صاحب کے آرڈر ہیں کہ آپ پارلیمنٹ کے اندر داخل نہیں ہو سکتے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر : آپ کا مطلب یعنی حافظ حسین احمد ؟

حافظ حسین احمد : جی ' حافظ حسین احمد اور ہمارے صحافی جو دو چار میرے ساتھ تھے۔ میں نے کہا جناب میں نے ان صحافیوں کے ساتھ پارلیمنٹ کے کیفے ٹیریا میں بات کرنی ہے اور یہ میرے ساتھ ہیں اور ان کے پاس پارلیمنٹ کی عمارت میں داخلے کے لئے پاس موجود ہیں۔ انہوں نے کہا ' نہیں جی۔ اور جب میں خود وہاں گیا تو انہوں نے کہا جناب کیفے ٹیریا بند ہے جب میں کیفے ٹیریا میں گیا تو واقعی کیفے ٹیریا بند کیا گیا تھا اور یہی کہا گیا کہ تمام ساز و سامان کسی اور لاؤنج میں ہے کیونکہ کچھ معزز مہمان تھے ' بعد میں پتہ چلا کہ ہماری پاک افواج کے سربراہ وغیرہ تشریف لائے تھے۔ اس کے بعد میں پھر آیا اور میں نے انہیں کہا کہ ہم نے نماز بھی نہیں پڑھی ہے۔ ہمیں اجازت دی جائے کہ ہم مسجد میں نماز ادا کر لیں۔ یہی دو چار صحافی ہیں۔ اس میں کئی

لوگوں نے کہا کہ ہم نے وضو کرنا اور نماز پڑھنی ہے اور ہم نے کہا کہ ہم اوپر نہیں جاتے۔ بلکہ ہمیں مسجد اور پی آئی اے کاؤنٹر کے سامنے جو صوفے رکھے ہیں وہاں بیٹھنے کی اجازت دی جائے، تو تمام سیکورٹی افسران کھڑے ہو گئے اور انہوں نے بالکل دروازے کو لاک کر دیا اور کہا کہ ہم نہیں جانے دیں گے۔ میں نے کہا کہ کیا آپ کے پاس کوئی تحریری آرڈر ہے تو ہمیں بتائیں۔ ایک صاحب چلے گئے اور انہوں نے کہا کہ آرڈر ابھی ہم لے کر آتے ہیں۔ کافی دیر گزر گئی۔ میں نے کہا کہ جناب چیئرمین سینٹ کو بلایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ جی چیئرمین سینٹ لاہور میں ہیں۔ میں نے کہا کہ سیکرٹری کو بلائیں، انہوں نے کہا کہ جناب سیکرٹری کا حکم نہیں چلتا کیونکہ یہ تو صرف نرے سیکرٹری ہیں، قومی اسمبلی کے سیکرٹری جنرل کا حکم چلتا ہے۔

ہم نہیں سمجھتے جناب چیئرمین صاحب کہ ہمارے ساتھ یہ کیا زیادتی کی جا رہی ہے۔ اس کے بعد انہوں نے کہا کہ آپ تین بجے تک یہاں کھڑے رہیں۔ تین بجے کے بعد ہم آپ کو اجازت دیں گے۔ ہم نے کہا کہ آپ ہمیں کوئی تحریری چیز دکھائیں جس میں کہا گیا ہو کہ تین بجے تک آپ ایوان میں داخل نہیں ہو سکتے۔ لیکن انہوں نے ہماری اس بات کو نظر انداز کیا اور بالکل اس طرح صف آرا کھڑے ہو گئے جیسے حسین احمد اور چند صحافی نہیں بلکہ لبریشن فرنٹ کے جیالے اندر گھسنا چاہتے ہیں اور اسے عبور کرنا چاہتے ہیں۔ جناب چیئرمین۔ یہ واقعہ ہے کہ ہم نے پارلیمنٹ کے دروازے سے باہر، سڑک پر بیٹھ کر پریس والوں سے بات کی اور احتجاجاً پریس کانفرنس نہیں کی اور میں انشاء اللہ پارلیمنٹ ہاؤس میں جموں و کشمیر مسئلے کے متعلق عرض کروں گا۔ یہ ہمارے ساتھ زیادتی ہوئی ہے اور اس سے میرا ہی نہیں بلکہ پارلیمنٹ کا بھی استحقاق مجروح ہوا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اگر یہی حالت رہی تو ہمیں کچھ سوچنا پڑے گا کہ آیا یہ ہال اس عمارت میں ہونا چاہئے یا نہیں۔ اگر صدر مملکت کے لئے دروازے بند ہیں۔ تو کل چیئرمین سینٹ کو بھی اس کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے اور یہ کسی معزز وزیر یا کسی اور رکن کے ساتھ بھی ہو سکتا ہے۔ میں اس پر یہی گزارش کروں گا کہ میری تحریک استحقاق منظور کرتے ہوئے اسے استحقاق کمیٹی کے سپرد کیا جائے اور اس کا سختی سے نوٹس لیا جائے۔ شکریہ۔

سید اقبال حیدر : جناب والا یہ جو تحریک استحقاق پیش ہوئی ہے اس کی ہم سب حمایت کرتے ہیں اور اس میں ہم سب شامل ہیں۔

سید فصیح اقبال : ممبروں سے بھی سن لیں ذرا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: حافظ صاحب آپ اگر اپنی تحریک استحقاق مجھے لکھ کر دے دیں تو پھر اس پر غور کر کے ایکشن لیا جائے گا۔ جی چوہدری صاحب آپ کچھ فرمانا چاہتے ہیں۔

چوہدری عبدالغفور: میں یہی درخواست کرنے والا تھا۔ اس طرح ہمیں معلومات بھی مل جائیں گی کہ کیا بات ہے۔ پوچھ بھی لیں گے۔ اس دوران آپ کے سامنے پیش کر دیں گے اور یہ تحریری طور پر بھی آ جائے جیسا کہ آپ نے فرمایا ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: طارق چوہدری صاحب' آپ کچھ کہنا چاہ رہے ہیں۔

جناب محمد طارق چوہدری: شکریہ جناب چیئرمین! میں یہ گزارش کرنا چاہ رہا تھا کہ حافظ حسین احمد صاحب کے ساتھ جو واقعہ ہوا ہے۔ ایسا بالکل اچانک نہیں ہوا۔ کوئی گزشتہ ایک' ڈیڑھ مہینے سے اس کے لئے Exercise کی جا رہی تھی۔ اور ہم اپنے دفتروں میں بیٹھ کر یہ خوف محسوس کر رہے تھے کہ کسی دن اس طرح کا واقعہ رونما ہو گا کیونکہ موصوف نے ایک دن یہ کہہ دیا تھا کہ سینٹ تو امریکہ میں ہوتی ہے۔ یہاں تو آج میں پہلے دن سن رہا ہوں۔ اور پھر جس طرح سڑک کو بند کیا گیا' چیئرمین سے پوچھے بغیر۔ سینٹ کے نئے دفتر بن رہے تھے انہیں روک دیا گیا تو یہ اس طرح کا حادثہ ہے کہ کسی دن اس سے بھی بڑا حادثہ رونما ہونا ہے اور ہم سب سینیٹر حافظ صاحب کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں بلکہ میں تمام ممبران سینٹ سے درخواست کروں گا کہ اس المناک اور خوفناک واقعہ کے خلاف ہمیں ٹوکن واک آوٹ کرنا چاہئے۔

سید فصیح اقبال: جناب والا! میں اس سلسلے میں یہ عرض کروں گا کہ اس واقعہ میں حافظ حسین احمد صاحب بھی ہیں اور پریس بھی ہے۔ میں جب آیا تھا تو انہوں نے پریس والوں کو دو بجے سے روکا ہوا تھا۔ یہ سمجھ میں نہیں آتا کہ یہ کون سا اختیار ہے کہ جو پریس والے تمام ایجنسیز سے cleared ہیں accredited to Parliament ہیں وہ بھی اب اس کا ایک حصہ بن چکے ہیں۔ پریس اوز ہمارے معزز سینٹر کے ساتھ جو سلوک کیا گیا اس پر ہم سخت احتجاج کرتے ہیں۔ اس پر بھی احتجاج کرتے ہیں کہ ہمارے جو پارلیمنٹ کے کمیٹی rooms ہیں اس میں ہمارے سپیکر صاحب کے حلقہ انتخاب کے لوگ آتے ہیں۔ وہ ان

سے یہاں اس طرح ملتے ہیں جیسے یہ ان کا علاقہ یا ان کا دفتر ہے۔ یہ پارلیمنٹ کے تقدس کا مسئلہ ہے۔ ہم کبھی بھی پارلیمنٹ کے کسی کمیٹی روم کو کسی اور مقصد کے لئے استعمال نہیں کرنے دیں گے۔ میں ہاؤس کے ریکارڈ پر یہ لانا چاہتا ہوں۔ اس سلسلے میں، میں نے ایک تحریک التواء دی تھی کہ ہمارے جتنے کمیٹی rooms ہیں، یہ common rooms ہیں ان میں صرف ہم اپنی سٹینڈنگ کمیٹی کے اجلاس کر سکتے ہیں، سپیشل کمیٹی کے اجلاس کر سکتے ہیں اس کے علاوہ کوئی اور اجلاس نہیں کر سکتے۔ عام لوگوں کے لئے اور پارلیمنٹ کے ممبران کے علاوہ لوگوں کے لئے launges ہیں۔ ان کے لئے آپ کے پاس صوفے موجود ہیں وہ انہیں اپنے دفتر میں مل سکتے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہمیں اس کا نوٹس لینا چاہیے۔ کیونکہ ابھی ہم نے پرسوں precincts کی متفقہ طور پر ترمیم کی ہے۔ اس کا انہیں اتنا احساس ہوا ہے کہ انہوں نے اپنی نجی محفلوں میں کہا ہے کہ اب سینٹ والے یہاں سے اپنا بوریہ بستر اٹھائیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہمارا ہی نہیں پورے ایوان کا استحقاق مجروح ہوا ہے۔ اس کا آپ نوٹس لیں۔ آپ custodian ہیں اس لئے میں طارق صاحب کی اس بات کی تائید کرتا ہوں کہ اگر اس واقعہ کی آپ نے اس طرح کی قرار دادوں میں مذمت نہ کی تو ہم اس ہاؤس میں نہیں بیٹھیں گے اور ہمیں اپنا احتساب کرنا پڑے گا پارلیمنٹ (مجلس شوریٰ) میں اس دن بھی جب اجلاس ہوا تو اس وقت بھی انہوں نے نشستوں کی ترتیب میں گڑبڑ کی۔ ہمیں آخری دم تک پتہ نہیں لگا کہ ہم مشترکہ اجلاس میں کہاں بیٹھ رہے ہیں کیونکہ یہ جائنٹ انتظام ہونا چاہیے۔ اس پارلیمنٹ میں چیئرمین اور سپیکر دونوں کا حصہ ہے میں سمجھتا ہوں کہ اس سلسلے میں جو ہمارے طارق چوہدری نے کہا میں اس کی تائید کرتا ہوں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر : جی ڈاکٹر ریحان صاحب۔

ڈاکٹر محمد ریحان : یہ جو افسوس ناک واقعہ ہوا ہے اس میں ہم حافظ صاحب کے ساتھ برابر کے نہیں بلکہ اس سے زیادہ فکر مند اور مشوش ہیں اور یہ نہ صرف حافظ صاحب کا بلکہ ایوان بالا کا استحقاق مجروح ہوا ہے۔ جب اسمبلیاں بھی نہیں رہتی تو یہ ایوان قائم رہتا ہے اور اب اس کی توہین ہو گئی ہے بے عزتی ہو گئی ہے یہ انتہائی شرمناک واقعہ ہے اور میں اس بات کی تائید کرتا ہوں کہ ہم یکجہتی کے اظہار کے لئے اس پر ٹوکن واک آؤٹ کرتے ہیں۔

جناب منظور احمد گجکی : جناب والا! ہم جناب طارق چوہدری کے موقف کی تائید کرتے ہوئے سارے واک آوٹ کرتے ہیں۔

(قطع کلامی)

(اس مرحلے پر سارے ممبران واک آوٹ کے لئے اٹھ کھڑے ہوئے)

**Mr. Presiding Officer** (Dr. Bisharat Elahi): I adjourn this House for ten minutes, after that we will reassemble. Thank you.

(وقفہ کے بعد کی کارروائی)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر : حافظ حسین احمد صاحب، اگر آپ اپنی اس تحریک کو تحریک استحقاق کمیٹی کے سپرد کرنے کے لئے، پیش کریں تو پھر اس کے اوپر بحث ہونا شروع ہو جائے گی۔

حافظ حسین احمد : میں مسمی حافظ حسین احمد رکن ایوان بالا، آج جموں و کشمیر لبریشن فرنٹ کے اس بیان پر کہ فرنٹ کشمیر کی سرحد کو عبور کرے گی۔ تحریک التواء دینے اور اس اہم مسئلہ پر اخباری نمائندوں سے گفتگو کرنے کے لئے پارلیمنٹ میں داخل ہونا چاہا مگر مجھے یہ کہہ کر روک دیا گیا کہ جناب گوہر ایوب خان کے احکامات کے تحت آپ اندر نہیں جا سکتے، اس سے میرا استحقاق مجروح ہوا ہے۔ مہربانی فرما کر اس تحریک کو منظور کیا جائے۔

چوہدری عبدالغفور : جناب چیئرمین! محترم سپیکر کے بارے میں ہے یہ تحریک، آپ اسے next working day پہ رکھ دیں اس وقت تک یہ انفارمیشن collect کر لیں گے۔

and then we will reply to this so that an appropriate action may be taken

جو بھی آپ مناسب فیصلہ فرمائیں گے اس کے مطابق ہمارا جواب حاصل کرنا ضروری ہے۔

**Mr. Presiding Officer**: What is the sense of the House?

**Syed Abdullah Shah:** Mr. Chairman, I am on a point of order. The procedure for privilege motion is amply written in the Rules and if the motion is admitted then under Rule 65 this motion can be referred

either to the committee on privileges or the Senate as a whole can take cognizance of this thing. So first I will request you to admit the motion and then the consideration of the motion can take place later. One day or two days do not matter but let us complete the legal formality that this motion is in order, that the breach has been committed and Senate will consider it.

**Mr. Presiding Officer**: Prima facie breach apparently has been committed.

لیکن چوہدری صاحب سے میں یہ دریافت کروں گا کہ اگر وہ اس بات پہ اتفاق کرتے ہیں تو ہم اسے admit کر لیتے ہیں۔

چوہدری عبدالغفور : جناب سوال یہ ہے کہ اگر یہ admit ہو گئی تو پھر اس کا جواب لینے کا کیا جواز رہ جاتا ہے۔ سوال یہ ہے کہ

the procedure is correct. If it is admitted then it is correct whatever has been stated but uptil now the motion has not been admitted, it has been moved now, the copy has been delivered now.

اگر دو گھنٹے یا پہلے ڈیلور ہو جاتی then we could collect the information

لیکن اب میرا خیال ہے کہ ایک غلطی کو اگر ہم بار بار repeat کریں گے اگر غلطی ہوئی ہے اس کے مطابق ہم بھی اسی راستے پر چلیں گے تو میرا خیال ہے درست فیصلہ نہیں ہو گا۔ میں ہاؤس سے request کروں گا کہ next working day پر رکھ لیا جائے اور اس کے بعد یہ تو ہاؤس پہ depend کرتا ہے whatever consensus is جیسا کرنا چاہیں گے it depends upon the consensus of the House اور پھر جناب اس کو دیکھیں گے breach ہوا ہے لیکن اگر موشن بھی admit کر لی گئی تو وہ جو ایک راستہ ہے یہ بہتر راستہ ہو گا اور next working day پر رکھ لی جائے اور ہم اس کا جواب collect کر لیں گے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر : شکریہ جی جناب منظور گچکی صاحب۔

جناب منظور احمد گچکی: جناب والا! وزیر صاحب یہ کہہ رہے ہیں کہ جی یہ دیکھنا ہے کہ یہ واقعی ایسا ہوا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ جو معزز رکن نے کہا ہے اور دوسرا جو صحافیوں کے ساتھ ہوا ہے خصوصاً معزز رکن کے ساتھ ، تو میں سمجھتا ہوں کہ یہی کافی ہے اور اس میں

حقائق سو فیصد ہیں تو میں سمجھتا ہوں کہ اس کو اگر admit کر لیا جائے تو اس سے کوئی فرق نہیں پڑے گا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی سعید قادر صاحب۔

لیفٹننٹ جنرل (ریٹائرڈ) سعید قادر: میری عرض یہ کہ جیسے لاء منسٹر صاحب نے فرمایا کہ اس کی investigation ہونی چاہئے اور ان کو موقع ملنا چاہئے اور میرا خیال ہے کہ اگر اب ہاؤس کی رائے لی جائے تو یہی رائے ہو گی تو چونکہ نوٹس ابھی ملا ہے تو اس معاملے کو ذرا دریافت کر لیا جائے، تحقیقات کے بعد admit کیا جائے ابھی admit نہیں ہوا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی محمد علی خان صاحب۔

جناب محمد علی خان: جناب چیئرمین! بات ہاؤس کے سامنے ہے واقعہ رونما ہو گیا ہے اب ہمیں یہ دیکھنا ہے کہ یہ کس نے کیا ہے، کیوں کیا، کس کے حکم پر کیا گیا تو اس کے لئے چوہدری صاحب نے اس ایوان سے وقت مانگا ہے ہمیں چاہئے کہ دل کھول کر ان کو وقت دے دیں رات کو ان سے بات ہو گی کل ایسی ایوان میں انشاء اللہ پھر وہ ایک state-ment دیں گے تو ہمیں چاہئے کہ کبھی کبھی give & take کا معاملہ بھی اپنایا کریں شکریہ جناب۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: پروفیسر خورشید صاحب۔

پروفیسر خورشید احمد: شکریہ جناب چیئرمین! دراصل اس مسئلے کا ایک تو ہے قانونی پہلو اور ابھی وزیر قانون نے جس دفعہ نمبر 61 کی طرف refer کیا ہے اگر اس کا proviso بھی وہ دیکھ لیں تو یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ قانوناً یہ ہمارا استحقاق ہے اور یہ ہاؤس اگر چاہے تو اس وقت بھی اس پریولج موشن کو admit کر سکتا ہے۔ اس میں یہاں صاف لکھا ہوا ہے کہ

"Provided that the Chairman may if he is satisfied about the urgency of the matter, allow a question of privilege to be raised at any time during the course of a sitting after the disposal of questions."

توبات قانونی نہیں ہے البتہ یہ صحیح ہے کہ اس میں دو معاملات involved ہیں پہلا ارکان پارلیمینٹ کی آزادی' اور ان کا یہ حق' کہ وہ جو بھی normal hours ہیں عام حالات کے اندر' اور 24 hours جبکہ ہاؤس in session ہو اور نوٹس آفس کھلا ہوا ہو ان کا یہ حق ہے کہ وہ پارلیمنٹ کی بلڈنگ میں داخل ہوں اور اگر کوئی ان کے داخلے کو روکتا ہے تو یہ ان کے privilege کا violation ہے۔ جس کے بارے میں کوئی دو آراء ہو ہی نہیں سکتیں۔

دوسری چیز یہ ہے کہ چونکہ یہاں یہ کہا گیا ہے اور یہ روایت بھی ہے کہ سپیکر کے حکم سے ایسا ہوا ہے اور سپیکر ہمارے لئے اسی طرح قابل احترام ہیں اور نیشنل اسمبلی اس پارلیمنٹ کا دوسرا ہاؤس ہے۔ تو اس شراکت کی بنا پر میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس میں کوئی اعتراض کی چیز نہیں ہے کہ investigate کیا جائے کہ آیا یہ حکم سپیکر کا تھا یا سیکرٹری کا تھا یا آن ڈیوٹی فرد سے کوئی غلطی ہوئی ہے۔ تو اس کو متعین کرنے کے لئے اگر آپ وزیر متعلقہ کو موقع دینا چاہتے ہیں تو میرا خیال ہے کہ ہاؤس کو اس کا موقع دینا چاہئے۔ لیکن یہ بات سامنے آجانی چاہئے کہ ایک ممبر آف ہاؤس اور رکن سینٹ کو اس طرح روکنا' یہ ایک grave effence ہے۔ اور یہ ہاؤس کبھی اس کو برداشت نہیں کرے گا۔ اور اس بنا پر یہ دونوں serious problems ہیں ایک اگر سمجھوتے کی راہ نکلتی ہے تو آپ ایک دن کا ان کو موقع دے دیں میرا خیال ہے اس پر اعتراض نہیں ہونا چاہئے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جناب طارق چوہدری صاحب۔

جناب محمد طارق چوہدری: جناب چیئرمین! اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ ہمیں موقع دینا چاہئے کہ ہاؤس کو دوسری طرف کی رائے سے بھی آگاہ کیا جائے۔ لیکن بعض اوقات جو over confidence ہے۔ یہ بھی حالات کو بگاڑنے کا سبب بن جاتا ہے۔ چوہدری صاحب نے جلدی میں رولز کو پوری طرح پڑھا نہیں ہے اور فوری طور پر یہ حکم لگا دیا کہ جی دوسری طرف سے رائے سننے کے بعد حقائق کا علم ہو گا۔ حقائق اور حقیقت وہی ہے جو حافظ صاحب نے بیان کر دیں جو اس ہاؤس کے معزز رکن نے بیان کر دی' حقیقت وہ ہے اور اگر یہ قانون کی طرف جائیں گے تو قانون یہ ہے کہ چیئرمین سینٹ کے حکم سے اجلاس کے دوران بھی کسی بھی لمحے' اگر وہ اجازت دے تو پریولج موشن یہاں پیش ہو سکتا

ہے اس لئے اس بات کی طرف نہ جائیں technicalities میں ہمیں نہ الجھائیں۔ technically یہ درست ہے کہ جب چاہے privilege motion پیش کیا جا سکتا ہے اور یہ ہاؤس اس کو admit کر سکتا ہے technically تو یہ پوزیشن ہے۔ باقی رہ گئی یہ بات کہ دوسری طرف کا ردعمل ضرور یہاں معلوم ہونا چاہئے لیکن اس privilege motion کو admit کیا جا سکتا ہے اور کمیٹی کے سپرد کیا جا سکتا ہے ہاں البتہ یہ ہاؤس اپنے رول معطل کر کے اس issue پہ جو debate کرنا چاہتا تھا اس کو ہم دو تین دن کے لئے یا پرسوں کے لئے، اگلی sitting کے لئے ڈیفر کر سکتے ہیں۔ تاکہ دونوں طرف کا نقطہ نظر آ جائے۔ لیکن جب اس ممبر کو دروازے پر روک دیا گیا اس وقت اس کا privilege breach ہو چکا ہے۔ خواہ اس کا سبب کسی کا بھی حکم ہو اور خواہ اس کا سبب کسی بھی آدمی کی غلطی یا روکنا ٹوکنا ہو۔ لہٰذا privilege اس کا breach ہو چکا ہے، privilege کمیٹی کے سپرد ہونا چاہئے۔ ہاں البتہ ہم اپنی بحث کو جو اس پہ کرنے والے تھے ڈیفر کر سکتے ہیں تاکہ دوسری طرف کا نقطہ نظر آ جائے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی شکریہ، یحییٰ بختیار صاحب۔

**Mr. Yahya Bakhtiar:** I fully associate myself with what my honourable members have said and Hafiz Sahib has said and I don't want to add anything more but I am just going to draw your attention to a principle of natural justice "No body should be condemned unheard", whether the rules say so or not. This has to be read in every law of the country. I know this thing has happened and I don't for a moment, disbelieve what Hafiz Sahib has said but somebody has been mentioned, he cannot be condemned unheard, whether it is the Secretary, the Speaker or even a peon. Nobody can be condemned unheard therefore I would request that time may be given, that is all.

**Mr. Presiding Officer:** Abdur Rahim Mandokhel Sahib.

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل: جناب چیئرمین! پہلی بات یہ ہے کہ جناب حافظ صاحب نے جو کچھ بیان کیا ہے اس کو ہم بالکل صحیح تسلیم کرتے ہیں واقعاتی طور پہ ایسا ہوا، پھر کے بعد یہاں تکنیکی طور پر ٹائم کا حوالہ دیا گیا ہے کہ تحریک استحقاق اس کی ارجنسی کے

پیش نظر ہر وقت دی جا سکتی ہے۔ تیسرے یہ کہ یہ بالکل admissible ہے' یہ ایسا واقعہ ہے کہ نہ صرف ان کا استحقاق بلکہ تمام سینٹ کا استحقاق مجروح ہوا ہے' یہ کیس بہت serious ہے' کیونکہ پارلیمنٹ کے کسی ممبر کے سینٹ یا یہاں کے مختلف دفاتر میں آنے کے علاوہ یہ پارلیمنٹ ہاؤس ہے۔ اس لئے سینٹ کے کسی ممبر یا پارلیمنٹ کے کسی ممبر کو پارلیمنٹ میں داخل ہونے سے روکنا بہت سنجیدہ مسئلہ ہے' ہم اس کے بارے میں جتنا بھی کہیں کم ہے' اس وقت اس حد تک ہم کہہ سکتے ہیں کہ اس کو admit کیا جائے اور یہ بھی ہے کہ ہمیں اس سے بھی زیادہ سنجیدگی سے اسے لینا چاہئے اور صرف استحقاق کمیٹی ہی نہیں بلکہ تمام سینٹ کی کمیٹی بنانی چاہئے۔ البتہ یہ ہو سکتا ہے کہ اس پر بحث ہم ایک دن کے لئے ملتوی کر دیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی بہرہ ور سعید صاحب۔

اخونزادہ بہرور سعید: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین صاحب میں آپ کا مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے موقع دیا۔ جناب اس میں کوئی لیت و لعل نہیں ہونا چاہئے اور نہ ہی اس میں کوئی شک و شبہ ہے کہ ہمارے ایک سینٹر صاحب کی حق تلفی ہوئی ہے اور ان کا استحقاق مجروح ہوا ہے اور انہیں روکا گیا ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں اور تمام ممبران اس میں شریک ہیں۔ واقعی تمام سینٹ کا استحقاق مجروح ہوا ہے۔ اب مسئلہ یہ ہے جیسا کہ میرے دوستوں نے کہا ہے کہ اسے ایڈمٹ کیا جائے۔ اس کا ایک اصول یہ بھی ہے کہ

nobody should be condemned unheard.

یہ principle بھی universal principle ہے۔ ہمیں موقع دینا چاہئے۔ اگر تو اس شخص نے جس نے اسے روکا ہے۔ اگر وہ اس لئے روکتا کہ ان کی شناخت مشکوک تھی تو یہ اور چیز ہے۔ وہ پوچھتے کہ کیا آپ کے پاس کارڈ ہے' اسے پیش کریں۔ یہ بات تو اس کی justified تھی۔ لیکن اگر وہ جانتے تھے کہ یہ سینٹر ہے اور پھر بھی انہیں روکا اس لئے کہ کسی بڑے آدمی کا حکم ہے' یہ حکم کم از کم کسی سینٹر کو سینٹ میں داخل ہونے سے روکنے کے لئے غیر قانونی ہے اور اس کی ہم پابندی نہیں کر سکتے۔ میں یہ عرض کروں گا کہ اسے ضرور admit کیجئے اور ہمیں موقع دیجئے کہ ہم اس پر بحث کریں لیکن حکومت کا نقطہ نظر بھی ہم سنیں تو بہتر ہو گا تاکہ اسے موقع مل جائے۔ اس لئے کل یا

پرسوں تک کوئی وقت دے دیں۔ پھر اس پر بحث ہو تو اچھا ہو گا۔ بجائے اس کے کہ ہم اسے کمیٹی کے سپرد کریں بہتر ہو گا کہ ہم اسے سینٹ میں discuss کر لیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی بحث کے متعلق تو یہ عرض ہے کہ اس پر بحث تو ضرور ہو گی لیکن چوہدری صاحب نے یہ کیا ہے کہ انہیں صرف ایک دن دے دیا جائے تاکہ یہ دوسری سائیڈ سے رابطہ کر کے پتہ کریں کہ حقائق کیا ہیں۔ اور اس کے بعد یہ پوری سینٹ میں discuss ہو گا۔ اور جو ہمارے دوست سینٹر چاہیں گے انہیں اپنے خیالات کے اظہار کا موقع بھی دیا جائے گا۔ چوہدری صاحب میرا خیال ہے اس پر کافی بحث ہو چکی ہے اور اگر آپ سب اتفاق کریں تو

Let us postpone this till the next sitting of the Senate. Now we come to the Adjournment Motions.

## ADJOURNMENT MOTIONS:
### (I) *RE:* MALPRACTICES IN THE CONSTRUCTION OF HOUSES FOR RETIRED GOVERNMENT SERVANTS

پہلے تحریک التواء، راجہ محمد افضل خان صاحب، پروفیسر خورشید احمد اور سید فصیح اقبال صاحب۔

On the malpractices in the construction of houses for the retired and nearing retirement employees of the Federal Government.

راجہ محمد افضل خان: جناب والا! میں حال ہی میں وقوع پذیر واقعہ کو زیر بحث لانے کے لئے التواء کی تحریک پیش کرتا ہوں۔ مسئلہ یہ ہے کہ روزنامہ 'نوائے وقت' راولپنڈی مورخہ 26 نومبر 1991ء کی خبر کے مطابق 'ریٹائرڈ کے قریب وفاقی ملازمین کے لئے بنائے جانے والے گھروں کا ڈیڑھ ارب روپے کا منصوبہ گھپلوں اور بے ضابطگیوں کی نذر ہوتا جارہا ہے۔ ان پلاٹون پر سو کے قریب کمروں کی چھتیں ڈال دی گئی ہیں مگر ان کی تعمیر میں جو material استعمال کیا گیا ہے وہ گھٹیا ثابت ہو چکا ہے۔ بلاک یا اینٹوں کی strength جو ہونی چاہئے وہ ہرگز نہیں ہے۔ اس گھٹیا تعمیر کے ذمہ دار کراچی کے ٹھیکہ داروں کی تنظیم آباد ہے جن کی سرپرستی ایک وفاقی وزیر کر رہے ہیں ان کو ٹھیکہ بھی قواعد و ضوابط سے ہٹ کر دلایا گیا ہے۔ جناب والا! اس واقعہ سے لوگوں میں تشویش پائی جانی

ایک قدرتی عمل ہے۔ اسے ایوان میں زیر بحث لایا جانا ضروری ہے۔ جناب والا اگر آپ حکم دیں تو............

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: میرے خیال میں پروفیسر خورشید صاحب بھی اپنی تحریک پڑھ لیں۔ جی پروفیسر صاحب۔

**Prof. Khurshid Ahmad:** Mr. Chairman, I seek the leave of the House to bring the following adjournment motion :—

> "The daily 'Nawa-i-Waqt' Rawalpindi of 26-11-1991, has reported that a plan for making about 5,000 houses costing approximately Rs. 1500 million for the retired and near to retirement Government Servants by the Housing Foundation under the Ministry of Housing and Works is likely to become failure because of a number of irregularities and corruption and also sub-standard material has been used by a team of Karachi contractors to whom contract was awarded not conforming to the normal terms and conditions. It has also been reported that some 20% of the plots have been obtained by CDA officials without showing them in the plan. Since this is a matter of serious concern I beg to move that the normal business of the house be suspended to discuss this issue".

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی فصیح اقبال صاحب۔

سید فصیح اقبال: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ اخباری اطلاع کے مطابق ریٹائرڈ اور ریٹائرمنٹ کے قریب وفاقی حکومت کے بلازمین کے لئے بنائے جانے والے گھروں کے منصوبے میں گھپلے اور بے ضابطگیوں کی نشاندہی کی گئی ہے۔ مکانات کی تعمیر میں گھٹیا اور کم درجے کا میٹریل استعمال کیا جا رہا ہے۔ یہ ایک اہم اور فوری نوعیت کا معاملہ ہے۔ لہٰذا ایوان اس پر بحث کرے۔

چوہدری امیر حسین: میں اسے oppose کرتا ہوں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی راجہ صاحب، اگر آپ اس سلسلے میں کچھ مزید فرمانا چاہیں۔

راجہ محمد افضل خان : جناب والا میں اس پر گزارش یہ کروں گا...............

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: اس کی admissibility پر فرمائیں کہ آپ کیا کہنا چاہتے ہیں۔

راجہ محمد افضل خان : جناب یہ بہت ہی فوری اور اہم نوعیت کا واقعہ ہے۔ نومبر میں، میں نے اس پر تحریک التواء داخل کی تھی۔ یہ عوامی اہمیت کا حامل ہے اس میں تقریباً ڈیڑھ ارب روپے کے قریب عوامی سرمایہ شامل ہے۔ جناب والا! کام کے معیار کا گھٹیا ہونا اور بات ہے۔ لیکن یہ جو contract ایوارڈ کیے گئے، اخبار کی اطلاع کے مطابق، ان میں کسی ضابطہ کار کو ملحوظ خاطر نہیں رکھا گیا۔ یوں لگتا ہے کہ contract ایوارڈ کرنے والے اور contract لینے والے لوگ ایک ہی ہیں۔ کیونکہ contract ایوارڈ کرنے کے کچھ procedures ہوتے ہیں جس میں اخبارات میں باقاعدہ ٹینڈر دینا اور پھر اس کا وقت ہے اور پھر آخر میں یہ دیکھنا ہوتا ہے کہ percentage کی ایک حد ہوتی ہے کہ اتنے percent above تک ایوارڈ ہو سکتا ہے وہاں تک ہو۔ لیکن یوں لگتا ہے کہ اس میں یہ بھی ملحوظ خاطر نہیں رکھا گیا اور اس میں عوام کے پیسے کا بے بہا ضیاع ہوا ہے۔ میں درخواست کروں گا کہ اس ایوان کی کارروائی روک کر اس پر بحث کی جائے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی پروفیسر صاحب آپ کچھ فرمائیں گے۔ On the admissibility of this motion.

پروفیسر خورشید احمد : پہلا نکتہ جناب چیئرمین یہ ہے کہ جس کی طرف راجہ صاحب نے متوجہ کیا، اور وہ یہ ہے کہ یہ ایک ایسا پروجیکٹ ہے جس سے ہزاروں سرکاری ملازم جو ریٹائرڈ ہو گئے ہیں یا ہونے والے ہیں، متعلق ہیں۔ تقریباً پانچ ہزار افراد، جہاں تک مجھے معلوم ہے اس سے متاثر ہو رہے ہیں مالی اعتبار سے تقریباً ڈیڑھ ارب روپے کا مسئلہ ہے۔ وقت کے اعتبار سے، 1988ء میں یہ سوسائٹی جو تھی اس نے project launch کیا تھا اور یہ توقع تھی کہ یہ پہلا مرحلہ دو سال میں مکمل ہو جائے گا اور ابھی معلوم ہوتا ہے کہ تیسرے سال اگر کام شروع بھی ہوا ہے تو صرف اتنا کہ سو پلاٹس پر کچھ تعمیر ہوئی ہے اور چھتیں بھی ٹھیک نہیں پڑیں اور جو investigation ہوئی ہے اس سے یہ معلوم ہوا ہے کہ جس quality کی اینٹیں استعمال ہونی چاہئیں تھیں اس سے 40% less quality کی

اینٹمیں استعمال ہوئی ہیں اور اسی بنا پر اس کو روکا گیا ہے -

**Mr. Presiding Officer**: Prof. Sahib, is there any evidence or proof of this?

پروفیسر خورشید احمد : بجز اخباری اطلاع کے ہمارے پاس کوئی اور ذریعہ نہیں ہے اور expect بھی نہیں کیا جاتا کہ ایوان کے ارکان جو ہیں ان کے پاس اس سلسلے میں specialized reports ہوں گی یہ تو پھر حکومت کا کام ہے کہ ہمیں بتلائے۔

دوسری بات یہ ہے کہ اس میں یہ بات بھی آ رہی ہے کہ شروع سے اب تک مسلسل irregularities ہو رہی ہیں یعنی allotment کے اندر بھی غالباً اگر میرے پاس صحیح معلومات ہیں جو اخبارات میں آئی ہیں تو 1510 پلاٹس کا پہلا مرحلہ ہے اور 1300 کا اس کے بعد کا ہے اس کی allotment میں اس کی pricing کا جو review ہوا ہے وہ تقریباً 80 فیصدی سے 100 فیصدی تک قیمتیں بڑھ چکی ہیں اس کے ساتھ ہی پھر contracts کے بارے میں یہ چیز سامنے آ رہی ہے کہ جو ضابطہ اور قائدہ ہے اس کا احترام نہیں کیا گیا۔ نیز یہ چیز بھی کہ بڑے لوگوں کے مطالبات کے بعد اور سینٹ کی ہاؤسنگ کمیٹی کے مطالبے کے بعد جس میں مجھے خود بھی شرکت کا شرف حاصل ہوا ہے یہ طے ہوا تھا کہ ایک ایسی کمیٹی بنے گی جس میں نصف نمائندگی حکومت کی ہوگی اور نصف نمائندگی ان لوگوں کی ہوگی جس کا پیسہ لگ رہا ہے لیکن اخباری اطلاع کے مطابق ان کی کوئی میٹنگ نہیں بلائی گئی ہے سال بھر سے زیادہ ہو چکا ہے یہ سارے کے سارے پہلو ایسے ہیں کہ جس کی بنا پر transparent government, clean administration اور جو irregularities ملک میں ہیں جو بدقسمتی سے ہر دور میں ہو رہی ہے اور اس کے بارے میں ہم قوم کے سامنے کوئی اچھا ریکارڈ نہیں لا رہے اس بنا پر یہ قومی اہمیت کا مسئلہ ہے۔

دوسرا پہلو یہ ہے کہ یہ مرکزی حکومت کی ذمہ داری ہے اس لئے کہ یہ ہاؤسنگ کارپوریشن directly Ministry of Housing and Works کے تحت ' تو فیڈرل گورنمنٹ ہی اس کی اصلاح بھی کر سکتی ہے اور فیڈرل گورنمنٹ ہی ذمہ دار ہے اگر وہاں اس قسم کی چیزیں ہو رہی ہیں تو اس بنا پر میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایسا مسئلہ ہے کہ جس کے اوپر بحث ہونی چاہئے اور کوئی وجہ ایسی نہیں کہ جس کی بنا پر اس کو technically inadmissible

سمجھا جائے۔

<u>جناب پریذائیڈنگ آفیسر</u>: جی فصیح صاحب۔

<u>سید فصیح اقبال</u>: جناب والا! میں بھی جیسا کہ میرے معزز سینٹروں نے کہا ہے کہ میری بھی اطلاعات کی بنیاد صرف اخبارات ہیں لیکن اس سے پہلے میں ایک بات ریکارڈ پر لے آؤں کہ جب سینٹ کی Housing کمیٹی کی میٹنگ ہوئی تھی اس میں کچھ ممبران کو انہوں نے بتایا تھا یعنی Federal Secretary level کے مکانات 'ان مکانات کو دیکھ کر اندازہ ہوا تھا کہ ان مکانات کے میرا خیال ہے کراچی کے کنٹریکٹر نہیں تھے لیکن یہ ہاؤسنگ فاونڈیشن گورنمنٹ نے خود پاک پی ڈبلیوڈی سے کرایا تھا۔ وہ مکانات بہتر تھے لیکن اب یہ اطلاعات ہیں کہ یہ خاص ایک Housing Foundation کے تحت جو Ministry for Housing کا ایک ادارہ بنا ہوا ہے اس کے بارے میں ہے میں یہ سمجھتا ہوں کہ اخباری اطلاعات میں مجھے یہ بھی ابھی پتہ چلا یہاں آکر کہ اس کی تردید بھی ہو چکی ہے لیکن جہاں تک تعلق ہے کراچی کا contractor ہو اسلام آباد کا ہو یا لاہور کا اگر اس میں کوئی گھٹیا سامان شامل کیا گیا ہے یا اگر اس میں کم material دیا گیا ہے یہ حکومت وقت کو فوری طور پر جس وقت یہ خبر اخبارات میں آئی نوٹس لینا چاہئے تھا نہ کہ یہ ہاؤس میں آئے لیکن میں سمجھتا ہوں کہ آپ اس تحریک التواء کو بحث کے لئے منظور کریں تاکہ لوگوں کو صحیح صورتحال کا بھی پتہ چلے وجہ یہ ہے کہ ہمارے ریٹائرڈ ملازمین جن کو زندگی میں آخری ریٹائرمنٹ کے بعد ایک مکان کی سہولت حکومت نے پہنچائی ہے اگر ان کو وہ مکان بھی اپنی اصلی شکل و صورت میں نہ ملے اور وہ اس طرح شکستہ حالت میں ہو کہ ان کا قبضہ لینے کے باوجود وہ شکستہ ہو جائے تو میرا خیال یہ ہے کہ یہ قومی نوعیت کا مسئلہ ہے جہاں تک پروفیسر صاحب نے فرمایا اور راجہ صاحب نے فرمایا میں سمجھتا ہوں کہ اس کی بھی اطلاعات ہمیں اخبارات کے ذریعے ملی ہیں۔ ہمارے پاس اس پر ٹھوس شواہد نہیں ہیں اس پر حکومت کا فرض تھا بلکہ وزارت کا فرض تھا کہ فوری طور پر لوگوں کے لئے یہ announce کرتے اور اکثر دیکھا گیا ہے کہ جب بھی تحریک التواء آتے ہیں آخیر میں یہی ہوتا ہے کہ ممبران سے کہا جاتا ہے کہ پریس نہ کریں مقصد یہ ہے کہ ایسی غلطیاں ایسی بے ضابطگیاں ظاہر نہ ہوں لیکن یہ ہمارے ممبروں کا استحقاق ہے کہ عوام کے مسائل یہاں پیش کریں اسی لئے ہم یہاں سینٹ

میں بیٹھے ہیں تاکہ لوگوں کی جو تکالیف اور مصیبتیں ہیں وہ یہاں حل ہوں۔ اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ ایسی چیزوں کی اگر تردید بھی ہو گئی ہو تو پھر بھی اس پر بحث کی جائے اور حکومت کا پورا موقف بھی سامنے ہو تاکہ پھر یہ سپیشل کمیٹی اس کو visit کرے۔

چوہدری امیر حسین: جناب والا! جس خبر پر انحصار کیا گیا ہے prima facie اس کو دیکھیں تو واقعی تشویش کی بات تھی اور فاضل ممبران نے جو تحریک التواء پیش کی ہے وہ واقعی اگر میں بھی ہوتا تو یہ جس قسم کی خبر لگی تھی واقعی ہر پاکستانی کو دکھ ہوتا کہ اتنے پیسے ضائع ہو رہے ہیں گھپلا ہو رہا ہے لیکن جناب والا اگلے ہی دن 27 تاریخ کو ؟نوائے وقت' میں 'یہ ؟نوائے وقت' کی خبر تھی جس پر انحصار کیا جا رہا ہے۔ اگلے ہی دن ؟نوائے وقت' میں اس کی ایک اور خبر شائع ہوئی اور اس میں آخیر میں یہ بھی لکھا گیا کہ متذکرہ خبر کی اشاعت سہواً ہوئی ہے اور اس سے کسی کی دل آزاری مقصود نہیں تھی اور وہ اس پر معذرت خواہ ہیں ایک تو جناب یہ ہے اور 30 نومبر کو یعنی 26 نومبر کو یہ خبر شائع ہوئی 27 کو وہ چھوٹی خبر آئی اور پھر 30 نومبر کو پوری وضاحت آ گئی جس میں یہ تمام وضاحت کر دی گئی کہ ایک الزام اخبار میں یہ لگایا گیا تھا کہ جو contractors ہیں وہ qualified نہیں تھے اور مل کر گھپلا کرنے کی خاطر دیا گیا انہوں نے پوری اس میں وضاحت کر دی کہ یہ contractors کی qualifications تھیں اتنی security لی گئی بلکہ یہاں تک لکھا گیا کہ Cement فلاں ایجنسی کے ذریعے لیا جاتا ہے ریت فلاں ایجنسی کی لی جاتی ہے، سٹیل وہاں سے لیا جاتا ہے چونکہ ایک خبر پر انحصار کر کے فاضل ممبران نے تحریک التواء دی ہے اور اس کی تردید دو دفعہ 27 اور 30 نومبر کو ہو چکی ہے اس لئے میں فاضل ممبران سے گزارش کرتا ہوں کہ وہ اس کو press نہ کریں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی راجہ صاحب آپ اس کو پریس کریں گے۔

راجہ محمد افضل خان: جناب والا! میں ایک آدھ منٹ لے کر عرض کرتا ہوں۔ جناب والا! گزارش یہ ہے کہ ہم نے یہ موشن 27 نومبر کو سیکریٹریٹ میں دی کہ اگر حکومت کے پاس اس کی کوئی ایسی واضع بات تھی کہ اس میں کوئی irregularities نہیں ہوئی ہیں یا material جو ہے وہ ٹھیک استعمال ہوا ہے تو بہتر یہ ہوتا کہ یہ ہاؤس میں

آنے سے پہلے یا آج یہ باتیں ٹیبل کر دیتے کہ جناب ہم نے یہ procedure adopt کیا ہے اس کے تحت ہم نے tendering کی ہے اس میں کوئی monopoly نہیں ہے تو پھر ہمیں یقین آ جاتا۔ جناب جہاں تک اس بات کا تعلق ہے کہ اخبار میں اس کی تردید آ گئی یہ کوئی ایسی بات نہیں ہے کہ جس کو مان لیا جائے بہرحال چوہدری صاحب یقین دہانی کرا رہے ہیں کہ اس میں کوئی ایسی بات نہیں ہوئی ہے تو میں اس کو زیادہ پریس نہیں کرتا اس لئے کہ پھر خیال آتا ہے

موسیٰ بے وطن ہو جائے گا

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ۔ جی پروفیسر خورشید احمد۔

پروفیسر خورشید احمد: میں صرف اتنا عرض کروں گا کہ جو تردید کا حصہ محترم وزیر پارلیمانی امور نے پڑھ کر سنایا ہے وہ تو تردید نہیں کسی کی دل آزاری ہو یا نہ ہو سہواً چھپنا اس کا یہ ثبوت نہیں ہے کہ چیز غلط ہے یا صحیح ہے۔ میں تو یہ جاننا چاہتا ہوں کہ جو حقائق اس میں دیئے گئے ہیں وہ حقائق درست نہیں ہیں تو مجھے اصرار کرنے کا کوئی سوال ہی پیدا نہیں ہوتا لیکن اگر وہ حقائق درست ہیں یا کم از کم ان کی تردید نہیں ہوئی ہے یا وزیر صاحب اس پوزیشن میں نہیں ہیں کہ وہ اپنی ذمہ داری میں اس ہاؤس میں یہ کہہ سکیں کہ وہ حقائق درست نہیں ہیں تو پھر میری نگاہ میں اس پر ضرور بحث ہونی چاہئے۔ اس کے لئے میں اوپن ہوں کہ آیا یہ بحث ایوان میں آپ کریں یا جیسا کہ اس سینٹ کا قاعدہ ہے کہ اس قسم کے معاملات جہاں تفصیلات میں جانا ضروری ہو وہ relevant committee کو refer کر دیتے ہیں لیکن اگر وزیر صاحب اپنی ذمہ داری پر ان حقائق کا انکار کریں دل آزاری کا نہیں' شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: فصیح اقبال صاحب۔

سید فصیح اقبال: جناب والا! میں وزیر صاحب کی توجہ اس طرف دلاتا ہوں کہ اس میں انہوں نے جو تردید سنائی ہے وہ آخری تین جملوں کی ہے یہ تو ایسے لگتا ہے کہ جس طرح اکثر اخبار 'ایسی کوئی غلط خبر ہوتی ہے تو اس کے بارے میں' خبر کی صحت کے بارے میں لکھ دیتے ہیں۔ یہ جیسے پروفیسر صاحب نے فرمایا میں ان کی تائید کرتا ہوں کہ پتہ نہیں کہ یہ حقائق ہیں لیکن اس کا طریقہ یہی ہے کہ سینٹ کی جو relevant committee ہے اس

کو آپ دے دیں تا کہ ہاؤس میں جب یہ چیز آ گئی ہے تو اس کے متعلق ہاؤس کے باقی ممبران کو بھی تو پتہ چلے ورنہ یہ ہو جائے گا کہ ہماری جتنی بھی تحاریک التواء ہیں سب اسی طرح نذر ہو جاتی ہیں پریس کرنے کا یہ مطلب نہیں ہے کہ اس کی خبر چھپے۔ مسئلہ یہ ہے کہ اگر یہ خبر غلط آئی تھی تو ان ممبران کو جن کی طرف سے یہ تحریک آئی تھی ان کو تو کم از کم بتا دیا جاتا کہ یہ یہ اس کے facts ہیں تو میرا خیال ہے کہ ہم یہ تحریک ہی واپس لے لیتے لیکن اب چونکہ ہاؤس میں یہ discussion کے لئے آئی تو میں سمجھتا ہوں کہ اس کو آپ متعلقہ کمیٹی کے سپرد کر دیں تو زیادہ بہتر ہو گا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر : چوہدری صاحب آپ کچھ کہنا چاہیں گے۔

چوہدری امیر حسین : جناب تحریک التواء تو کسی کمیٹی کے سپرد ہوتی نہیں۔ گزارش یہ کرنی ہے کہ فاضل ممبران کا یہ فرمانا کہ اس میں تفصیل نہیں لکھی گئی یہ 91-11-30 کا جو اخبار ہے اس میں پوری detail لکھی گئی ہے اگر یہ مناسب سمجھیں تو پڑھ لیں میں ان کو دیتا ہوں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر : نہیں میرا خیال ہے آپ ان کو دے دیں۔ یہ دیکھ لیں گے۔

چوہدری امیر حسین : جو جو allegations لگائی گئیں اس کی تردید وضاحتی طور پر یہاں کر دی گئی ہے چنانچہ ایک خبر لگی اور اس خبر کے اگلے دن 27 تاریخ کو آ گیا کہ وہ خبر درست نہیں ہے اور اصل میں یہ سارا واقعہ ہوا اور اس کے بعد پھر 30 تاریخ کو دوبارہ خبر آئی تو ان کا بھی انحصار اس خبر پر ہے اور جب اس کی نفی ہو جاتی ہے پھر rules کے تحت تحریک التواء نہیں بنتی۔ بہر حال ان کی بات یہاں ہو گئی اور جو یہاں allegations لگائے گئے ہیں 91-11-26 کی خبر میں وہ الزامات قطعی طور پر غلط ہیں۔

**Mr. Presiding Officer :** I will give my ruling just now. In view of the fact that the news item on which the motions were based has been contradicted, I rule it out of order but at the same time I would request that the matter be referred to the Senate Committee on Housing so that they can carry out further investigations. Not the adjournment motion be referred.

## (II) *RE:* SALE OF SUB-STANDARD LUBRICANTS IN THE COUNTRY

There is another adjournment motion — Syed Iqbal Haider Sahib on the alleged sale of adulterated and sub-standard lubricants in the country.

**Syed Iqbal Haider:** I would request that the ordinary business of the House may be adjourned to consider a recent and urgent matter of public importance and interest.

> "According to a report published in daily 'Dawn' of November 29, Government of Pakistan has lost billions of rupees in revenue during the past ten years and only in 1990-91 Government has suffered a loss of revenue of about 256 million due to a swindle operated by the lubricating oil industry, unchecked and unabated by the Government. As a result of the defective policy of the Government hundreds of illegal reclamation plants have sprung up throughout the country which are selling adulterated substandard lubricants without payment of excise duty and other taxes to the Government. Moreover the adulterated oil produces poisonous smoke in the atmosphere and damages parts and components of the vehicles as well. It is shocking that many Government Organizations are buying the adulterated substandard lubricants at a price less than that fixed by the Government.

**Mr. Hassan A. Shaikh :** May I raise a point of order?

**Mr. Presiding Officer :** Mr. Hassan A. Shaikh on a point of order.

**Mr. Hassan A. Shaikh :** Rule 79, says :

> " Notwithstanding anything contained in this Chapter, not more than one motion shall be admited on any one day ; but motions, if any, remaining unconsidered as regards their admissibility shall be held over for the next day and shall be taken up in the same order in which they were received.".

**Mr. Presiding Officer:** Shaikh Sahib you are right but we have not admitted any motion.

**Mr. Hasan A. Shaikh:** You have, Sir.

**Mr. Presiding Officer:** No we have not.

**Mr. Hasan A. Shaikh:** You have converted that adjournment motion.

*(Pause)*

**Mr. Hasan A. Shaikh:** Excuse me Sir, I may differ with you, therefore, I am making a submission I hope you don't take.

**Mr. Presiding Officer:** No, I don't

**Mr. Hasan A. Shaikh:** Sir, the position is that it was an adjournment motion your have converted it into a so called privilege motion and referred it to a committee. But in any case it was tabled as adjournment motion and accepted by you as adjournment motion.

**Mr. Presiding Officer:** No, it has not been accepted as adjournment motion. The motion has been ruled out of order but I said since it is a matter of some importance that, therefore, it should be referred to the Housing Committee to investigate further into the matter.

**Mr. Hasan A. Shaikh:** I will be grateful if I am enlightened under which rule this has been done.

**Syed Iqbal Haider:** Sir, the honourable Member is making a misconceived contention before this House with regard to the interpretation of the Rules. First of all there is not a single adjournment motion admitted in this House today.

**Mr. Presiding Officer:** This is what I said.

**Syed Iqbal Haider:** Right. Secondly privilege motions are distinctly classified separately under separate rule and by no stretch of any imagination, even no privilege motion has been admitted. So I would like to save time and expect.

*(Interruption)*

**Mr. Presiding Officer:** Iqbal Haider I agree with you. Prof. Khurshid on a point of order.

**Prof. Khurshid Ahmed:** May I refer, Mr. Chairman, to clause 140(2) which reads:

> "Each Committee shall deal with subjects assigned, under the rules for the allocation and transaction of business of Government, to the Ministries or Divisions with which it is concerned or any other matter referred to it by the Senate".

And this reference to the committee has been made under this rule.

This has nothing to do with privilege or adjournment motion.

**Mr. Presiding Officer:** Right. Thank you.

**Syed Iqbal Haider:** Thank you Prof. Khurshid Sahib.

**Mr. Presiding Officer:** Ch. Nisar Ali Khan Sahib how do you react on this motion.

**Ch. Nisar Ali Khan:** I have already opposed, it Sir.

**Mr. Presiding Officer:** You have opposed it. Yes Iqbal Haider Sahib.

creature of constitution ہے امریکہ کے دستور کے اندر صدر کو بھی اختیارات حاصل ہے کہ وہ elected Congress کے law کو veto کر سکتا ہے۔ اس کے یہ معنی یہ نہیں ہیں کہ وہ اس سے بالا ہو گیا وہ دستور ہے اس کا پورا structure دیکھنا پڑتا ہے وہ division of power کے اصول کے اوپر مبنی ہے اس میں تین اداروں میں checks and balances پیدا کئے گئے ہیں اس طریقے سے جرمنی کا آپ دستور دیکھئے انہوں نے اپنی ایک Constitution Council بنائی ہے۔ فرانس میں Constitution Council موجود ہے۔ ایران کے اندر انہوں نے مجلس بنائی ہے ہر ایک اپنی اپنی مناسبت سے کرتا ہے تو اس سے یہ کہنا کہ یہ کوئی supra or Third Assembly بن گیا ہے یہ تمام چیزیں جذباتی ہیں یہ غیر علمی ہیں یہ misleading ہیں اس لئے یہ بات بہت واضح ہونی چاہیئے کہ دستور legislation کا حق پارلیمنٹ کو دیتا ہے اور پارلیمنٹ ہی کا یہ اختیار ہے اور مثبت قانون سازی پارلیمنٹ ہی کرے گی عدالتیں نہیں کرتیں پھر کیا حق ہے جو دیا گیا ہے 203 کے تحت' 203 کے تحت یہ حق دیا گیا ہے فیڈرل شریعت کورٹ کو کہ اگر وہ ملک کے کسی قانون کو شریعت سے متصادم پائیں تو وہ اس قانون کو اس حد تک جہاں تک شریعت سے متصادم ہو خلاف شریعت قرار دے سکتے ہیں اور پارلیمنٹ کو یہ رہنمائی دی جائے گی کہ وہ اس مدت کے اندر اندر نیا قانون بنا کر کے اس سقم کو دور کر دیں۔ انہوں نے یہ بات بہت صحیح کہی کہ ہمارا sovereignty کا تصور اور مغرب کا sovereignty کا تصور بڑا مختلف ہے اس مسئلے میں اور یہ دراصل ہمارے تصور sovereignty ہی کے تحت ہے کہ قرآن و سنت کی بات کو اگر پوری اسمبلی change کرنا چاہے تو نہیں کر سکتی۔ اگر قرآن نے یہ کہا ہے کہ شراب حرام ہے تو سو فیصدی ووٹ سے بھی کوئی پارلیمنٹ اس حکم کو نہیں بچا سکتی جب کہ امریکہ میں آپ کو معلوم ہے 1921ء یا 22ء میں انہوں نے شراب کو حرام قرار دیا تھا اور 29 - 1928ء میں اسے جائز قرار دے دیا۔ وہ یہ کر سکتے ہیں ہم یہ نہیں کر سکتے یہ ہیں ہماری limitation لیکن آپ ایک چیز کو جس کا کوئی تعلق نہیں ہے دوسری جگہ لے کر جا رہے ہیں اور آپ کو معلوم ہونا چاہیئے کہ امریکہ کی سپریم کورٹ نے روز ویلٹ کے بعد بھی دسیوں قوانین کو اپنے دستور کے خلاف قرار دیا ہے اور پارلیمنٹ نے اس کا احترام کیا ہے اور جہاں پارلیمنٹ نے نئی قانون سازی کی ہے

انہوں نے پھر کورٹ کی رائے کو سامنے رکھ کر ایک نیا قانون بنایا ہے تقریباً 230 یا 235 قوانین ایسے ہیں جو امریکہ کے اندر مرکزی یا صوبائی سپریم کورٹ نے خلاف دستور قرار دیئے ہیں تو میں یہ بات واضح کرنا چاہتا ہوں کہ مسئلہ اجتہاد کا نہیں ہے جو دلائل دیئے ہیں ان کا اس چیز سے کوئی تعلق نہیں ہے ان کا یہ کہنا کہ فیڈرل شریعت کورٹ ایک ایسے وقت بنی تھی جبکہ پارلیمنٹ نہیں تھی واقعاتی اعتبار سے صحیح ہے لیکن جب پارلیمنٹ وجود میں آ گئی تو اس کے بعد پارلیمنٹ نے ایک آئینی امنڈمنٹ کے ذریعے ایک elected اسمبلی نے endorse کیا اسے چاہے موصوف پسند کریں یا نہ کریں اور اس وقت دستور میں جو بھی پروویژن ہیں ان تمام کو دستور کے تحت پارلیمنٹ کی تائید حاصل ہے بلاشبہ امنڈمنٹ کیا جا سکتا ہے لیکن وہ ایشو ہے نہیں۔

تیسری بات یہ ہے کہ فیڈرل شریعت کورٹ کو یہ اختیار دینا کہ کوئی قانون شریعت کے خلاف ہے یا نہیں یہ اجتہاد نہیں۔ میں پھر عرض کرونگا کہ اجتہاد کا اس سے کوئی تعلق نہیں وہ یہ دیکھتے ہیں کہ قرآن وسنت کا قانون کیا ہے اور پھر یہ دیکھ رہے ہیں کہ ملک کا قانون اس سے متصادم ہے یا نہیں لیکن جہاں تک قانون سازی کا تعلق ہے، جہاں تک نئے اجتہاد کا تعلق ہے، جہاں تک poverty کے مسائل کو دور کرنے کا تعلق ہے اس کے لئے جو بھی قانون چاہیے ہو اس کے لئے نیشنل اسمبلی اور سینٹ اس کے مجاز ہیں تو انہوں نے تمام issues کو ایک دوسرے سے confuse کیا ہے کچھ انہوں نے مغرب کی thinking لی ہے اور کچھ اس میں اپنی شامل کی ہے جو دلائل دیئے ہیں اس کا اصل بحث سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ اس لئے میں یہ بات کہنا چاہتا ہوں کہ یہ جو دستوری ترمیم تجویز کر رہے ہیں یہ غلط ہے دستور نے شریعت کورٹ کا جو نظام بنایا ہے وہ صحیح ہے جائز ہے اور جو کام اس نے کیا ہے وہ نہایت قیمتی کام ہے اور یہ کہنا کہ مسلمانوں میں 72 فرقے ہیں یہ سب emotional چیزیں ہیں کوئی 72 فرقے نہیں ہیں بنیادی اختلافات جو بڑے بڑے فرقے شیعہ وسنی ہیں ان میں بھی بڑے محدود ہیں اور ہم نے یہ دیکھا ہے کہ فیڈرل شریعت کورٹ نے بھی اسلامک آئیڈیالوجی کونسل نے بھی almost hundred percent اپنی سفارشات متفقہ طور پر پیش کی ہیں تو یہ references لانا جو ہے کم از کم ان جیسے وکیل

کے لئے صحیح نہیں ہے اور میں بڑے ادب سے عرض کروں گا کہ اس دستوری ترمیم کے قبول کئے جانے کا قطعاً کوئی سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر : شکریہ پروفیسر صاحب۔ پہلے راجہ ظفرالحق صاحب۔

راجہ ظفرالحق : شکریہ جناب چیئرمین یحییٰ بختیار صاحب نے آئین میں ایک بڑی بنیادی تبدیلی لانے کے لئے ایک ترمیمی بل دیا ہے لیکن جو دلائل انہوں نے دیئے ہیں وہ انتہائی confusion کا شکار ہیں ایک طرف انہوں نے برطانیہ کی پارلیمنٹ کی sovereignty کی دلیل دی ہے اور اس میں کوئی شک نہیں جن تاریخی عوامل سے historical background سے imparative برطانیہ کی پارلیمنٹ بنی تھی' اس میں یہ تصور عام ہے برطانیہ کی پارلیمنٹ ہی برطانیہ میں sovereign ہے اور اس میں کوئی عدالت یا کوئی اور ادارہ اثرانداز نہیں ہو سکتا لیکن اب وہاں بھی یہ کہا جانے لگا ہے کہ یورپین کمیونٹی کے آنے کی وجہ سے جو یورپین پارلیمنٹ آئی ہے اور اٹلی میں 12 ممالک کا آپس میں جو معاہدہ ہوا ہے اور Strassburg میں یورپین پارلیمنٹ کمیٹی بیٹھی ہے اور برطانیہ اس کا ایک رکن ہے اگر یورپین پارلیمنٹ کوئی قانون پاس کر دیتی ہے تو وہ برطانیہ پر بھی لاگو ہو جاتا ہے باوجود اس بات کے کہ برطانیہ کی پارلیمنٹ اسے پسند کرے یا نہ کرے اس لئے اب لوگ یہ کہتے ہیں کہ برطانیہ کی پارلیمنٹ کی Sovereignty کا جو پرانا تصور موجود تھا وہ آج موجود نہیں ہے اس کے بعد جو modern constitutionalism ہے اور فاضل ممبر اس پر نگاہ رکھتے ہوں گے کہ امریکہ میں دو سو دو سال پہلے ایک تحریری آئین کی بنیاد پڑی۔ اس تحریری آئین کے اندر جب یہ معاملہ اٹھا کہ اس آئین کی interpreta-tion کون کرے گا پریذیڈنٹ کرے گا کانگریس کریگی یا عدالتیں کریں گی تو اس وقت یہ فیصلہ کیا گیا کہ آئین کی interpretation صرف عدلیہ کرے گی اور یہ اصول اب صرف امریکہ میں نہیں ہے بلکہ جہاں جہاں تحریری آئین موجود ہے اور خصوصاً جہاں فیڈریشن ہے وہاں عدلیہ ہی کو اختیار ہے کہ وہ آئین کی صحیح طور پر interpretation کرتی ہے اور اسے فائنل مانا جاتا ہے۔

یہ معاملہ پاکستان میں آئین بنتے وقت ابتداء میں جب اٹھا تھا تو اس کی ساری proceedings موجود ہیں اس وقت بھی یہ مسئلہ اٹھا کہ اس ملک میں اسلام کے نظام کا کیا

مقام ہو گا اور پھر اس کی توجہ اور تعمیر کون کرے گا تو جو دلائل اس وقت دیئے جاتے تھے بجائے اس کے کہ پارلیمنٹ کے اوپر سارا انحصار ہو سکے اور ادارے کو نہیں دیا جا سکتا۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ اس وقت جو علماء کے بورڈ کی تجویز دی گئی تھی اس کی مخالفت ہوئی اور علماء کا بورڈ نہیں بنا تھا لیکن عدالتوں کو جب یہ اختیار دینے کی بات آئی کہ کوئی بھی قانون قرآن وسنت کے منافی ہو تو عدالتوں کو یہ اختیار ہونا چاہیئے کہ interpretation کے ذریعے سے یہ دیکھ کر کہ قرآن وسنت کے آیات اور احادیث کے منافی اگر کوئی قانون ہے تو اسے strike down کرنا چاہیئے تو اس کا اختیار کس کو ہو تو ایک تو یہ قاعدہ ہو سکتا تھا کہ نیچے سے لیکر اوپر کی تمام عدالتوں کو یہ اختیار دے دیا جاتا۔ اس سے یہ خدشہ بڑھا کہ ایک سول جج ایک مجسٹریٹ ممکن ہے وہ اتنا competent نہ ہو اور generally اس کو یہ اختیار دے دینا خطرے سے خالی نہ ہو پھر ملک میں کئی ہزار عدالتیں ایسی ہیں جو اپنی اپنی interpretaton سے قرآن وسنت کو منطبق کرنے کے لحاظ سے وہ شاید مختلف فیصلے دیں اور ایک بہت بڑا confusion پیدا ہو جائے لہٰذا غور وفکر کے بعد چاروں صوبوں کی ہائی کورٹ میں ایک ایک شریعت بنچ مقرر کیا گیا کہ ان کے سپرد یہ کام کیا جائے کہ وہ قرآن وسنت کی روشنی میں یہ دیکھ سکیں اور اگر کوئی آدمی ان کے پاس جاتا ہے کہ کسی قانون کی کوئی provision قرآن و سنت کے منافی ہے تو اسے down کر سکے legislation پھر بھی جہاں صوبائی اسمبلی کا اختیار ہے وہی کریگی جہاں پارلیمنٹ کا اختیار ہے وہی کرے گی لیکن اس بات کو دیکھنا کہ قرآن وسنت کے منافی ہے وہ چاروں benches کو دیا گیا لیکن وہاں بھی یہ خدشہ محسوس ہوا شاید یہاں بھی اختلاف رائے ہو گا تو پھر ایک ہی اپیل اوپر سپریم کورٹ میں جاتی ہے لہٰذا مجموعی طور پر ایک ایسا ادارہ بنا دیا جائے جو اس سارے کام کو از خود کرے اور پھر اس کے اوپر ایک اپیل بھی رکھ دی جائے لہٰذا وفاقی شرعی عدالت کا قیام 203 ڈی کے ذریعے سے آیا پورا chapter لایا گیا اور اس دن سے وفاقی شرعی عدالت اپنا کام کر رہی ہے اور نہ صرف قوانین کی interpretation کرتی ہے اور قرآن وسنت کی روشنی میں دیکھتی ہے بلکہ حدود Laws کے تحت جو اپیلیں آتی ہیں انہیں بھی سنتی ہے لیکن اس کا بڑا کام جو ہے وہ یہی ہے کہ قوانین کو قرآن وسنت کی روشنی میں دیکھئے اور اس کے اوپر پھر سپریم کورٹ کا بنچ ہے پھر فائنل اتھارٹی وہ ہے جہاں یہ کہا گیا کہ عدالتوں سے

آئین کو بچایا جائے میں یہ کہتا ہوں کہ یونائیٹڈ سٹیٹ کی سپریم کورٹ

One hundred and fourteen laws were struck down by the superior courts in United States during these years, under the Constitution

جو اختیار آئین نے انہیں دیا ہوا تھا اس لئے یہ کہنا کہ یہ کوئی خاص بات ہے اور یہ معاملہ آسٹریلیا میں ہے، کینیڈا میں ہے، انڈیا میں ہے، جرمنی میں ہے، جہاں جہاں تحریری آئین اور فیڈرل سسٹم ہے وہاں یہ اختیار عدالتوں ہی کے پاس ہے اور پھر حضرت علامہ اقبال کی بات کو یہ کہنا انہوں نے کہا تھا کہ پارلیمنٹ اجتہاد کرے۔ اجتہاد کوئی بھی کرے اگر اس کا معیار مجتہد جیسا ہے تو اسے لوگ قبول کریں گے لیکن اس کا معیار اگر مجتہد جیسا نہیں ہے تو اسے قبول نہیں کیا جائے گا لیکن یہ اجتہاد وفاقی شرعی عدالت نہیں کر رہی۔ اجتہاد اور چیز ہے اور قرآن وسنت کی روشنی میں آیات اور احادیث کی روشنی میں یہ دیکھنا آیا یہ متصادم ہے یا نہیں یہ الگ بات ہے اس لئے حضرت علامہ اقبال کا ہی شعر ہے۔

کہ اجتہاد عالمانے کم نظر اقتدابر رفتگان محفوظ تر

اس لئے انہوں نے یہ جو موجودہ ترمیم پیش کی۔ میں اس کی شدید مخالفت کرتا ہوں کیونکہ یہ کسی پیمانے پر پوری نہیں اترتی ہے۔

<u>جناب پریذائیڈنگ آفیسر</u>: جی نیازی صاحب ۔

<u>مولانا عبدالستار خان نیازی</u>: جناب چیئرمین! یحیٰی بختیار صاحب نے اس کے متعلق جو دلائل پیش کئے ہیں وہ آپ سب کے سامنے ہیں۔ اور پھر راجہ صاحب نے جو دلائل دیئے ہیں وہ بھی آپ کے سامنے ہیں۔ حضرت علامہ اقبال کے حوالے سے جو یحیٰی بختیار صاحب نے فرمایا ہے۔ انہوں نے باقاعدہ اپنی مثنوی اسرار ورموز میں ایک عنوان قائم کیا ہے۔

در زمانہ انحطاط تقلید اعلیٰ تر از اجتہاد است

زوال کے دور میں ہو degeneration

اس میں کسی کا ہو رہا ہے آتش، کسی کو کر رکھے

تقلید بہتر ہے اجتہاد سے

راجہ صاحب نے ایک شعر پڑھا ہے۔

اجتہاد عالمانے کم نظر۔ اکتابر رفتگان محفوظ تر

اس کے بعدوہ ایک اور دردناک بات کہتے ہیں۔

تنگ برماراہ گزارے دین است؟

ہر راز دارے است؟

ہمارے دین کا راستہ تنگ ہو گیا ہے' ہر کمینہ دین کا راز دار بن گیا ہے یحییٰ بختیار صاحب نے sovereignty کی بات کی ہے اور limited sovereignty کی بات کی ہے لیکن اسلام کا جو تصور ہے How does this sovereignty flow towards the people? اس کے لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک معیار مقرر کیا ہے اور اس اعتبار سے حکومت میں نیابت ہے We believe in sovereignty and trusteeship in wealth. اور دولت میں امانت ہے۔ نیابت اور امانت پر جو نظام وجود میں آتا ہے وہ خلاف ہے۔ on the pattern of prophethood اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ حضرت معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو جن کو حضورؐ نے یمن میں قاضی بنا کر بھیجا تو وہ جب جانے لگے تو فرمایا

عربی

میری بات سنو

پوچھا

فیصلے کیسے کرو گے۔ فرمایا کہ یارسول اللہ میرے سامنے کتاب اللہ ہے۔ حضورؐ نے فرمایا کہ اگر تمہیں کتاب اللہ میں کوئی بات صاف نظر نہ آئے تو پھر کیا کرو گے۔ انہوں نے جواب دیا کہ آپ کی سنت کو سامنے رکھوں گا۔ پھر فرمایا کہ اگر میرے دور میں کوئی ایسی بات نہ ہوئی ہو اور آپ کے سامنے کوئی نئی بات آ گئی تو پھر کیا کرو گے پھر جواب دیا کتاب وسنت کو سامنے رکھ کر Then I will exercise my own independent opinion. '

اس لحاظ سے میں سمجھتا ہوں کہ یہ جو ہمارا judiciary کا تصور ہے' ہمارے ہاں آپ اچھی طرح جانتے ہیں کہ سقوط دہلی کے باوجود 1868 تک constitution law

میں' خود یہ وکیل ہیں' انہوں نے پڑھا ہو گا till 1868 ہمارے قاضی کورٹ' ہمارے مفتی کورٹ جو تھے' عدالت کا نظام ان کے سپرد تھا۔ قاضی کورٹ facts پر فیصلہ کرتا ہے۔ مفتی کورٹ قانون بتاتا ہے' فتویٰ دیتا ہے۔ ہمارے وکلا کا مقام مفتیوں کا ہے Judges جو ہیں یہ قاضی ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ جیسے کہ راجہ صاحب نے فرمایا کہ بے شک پارلیمنٹ کے اندر اگر اس معیار کے آدمی آئیں' ان کے پاس وہ علم ہو' تقویٰ ہو' تجربہ ہو' زبان پر عبور ہو' مشق ہو' مہارت ہو' اور ان کا کردار معین ہو وہ لوگ جو ہیں یہ کام کر سکتے ہیں۔ جیسے کہ معاذ بن جبل کو حضورؐ نے برقرار رکھا' وہ legislate کر سکتے ہیں لیکن ہمارے آئین کے اندر جو باقاعدہ clause موجود ہے No law will be enacted in Pakistan which is repugnant to Quran and Sunnah and the present laws brought inconformity to the Injunctions of Islam as read in Quran and Sunnah. یہ اس کے اوپر ایک تحفظ کی باقاعدہ ایک دفعہ قائم ہے۔ کوئی قانون ایسا نہیں بن سکتا خود آپ جانتے ہیں کہ Homosexuality was a crime in West but today it is no longer a crime. Parliament has decided just having a good time. جیسے کہ پروفیسر صاحب نے بتایا کہ ایک ارب مسلمان جمع ہو جائیں تو نبی پاک صلی اللہ علیہ و سلم کے کسی حکم کو نہیں بدل سکتے۔

سیدنا صدیق اکبر

عربی

رسول خدا' حضور صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے direct recepient تھے اس کے بعد خلافت ہے۔ حضرت عمر نے فرمایا

عربی

رسول کے نائب کا نائب ہوں' اس اعتبار سے میں سمجھتا ہوں کہ ہمارا اجتہاد جو ہے اس کے بارے میں علما نے کوئی نئی بات نہیں کی۔ ہماری کتابوں میں اجتہاد کی شرائط موجود ہیں' مجتہد کی صفات موجود ہیں۔ ہر شخص مجتہد نہیں بن سکتا اور خود یحییٰ بختیار صاحب نے بھی باقاعدہ وکالت پڑھی پھر اس کے بعد ان کو تجربہ ہوا' مشق ہوئی۔ پھر باقاعدہ ایڈووکیٹ جنرل بنے تو یہ ایک دن میں نہیں بن گئے۔ اس لئے مجتہد جو ہو گا۔ پارلیمنٹ کے اندر جو لوگ آئیں گے' اگر ہم پابندی لگا دیں گے کہ وہی شخص آ سکتا ہے جو کتاب و سنت کا علم رکھتا ہو' وہی

شخص آ سکتا ہے جس کا کردار، جس کی زبان، اس کا قول و فعل، میں مطابقت ہو۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ ان حالات میں علامہ اقبال نے، میں نے جو ان کا لیکچر پڑھا ہے، اس لیکچر کے اندر انہوں نے یہ جواز دیا ہے لیکن اس کے اندر یہ کہا ہے کہ ممبران پارلیمنٹ کے لئے خصوصیات اور صفات لازمی ہیں۔ میں یحییٰ بختیار صاحب سے درخواست کروں گا کہ بجائے اس کے کہ یہ اس میں ترمیم لائیں، وہ ان خامیوں کو سامنے لائیں جن کی وجہ سے ملک کے اندر خلل پیدا ہو رہا ہے۔ عدل و انصاف کو قائم کرنے کے لئے تجاویز لائیں۔ تو ان حالات میں اگر اجتہاد کا دروازہ کھل گیا تو پھر ہر شخص جو ہے وہ اس میں آ جائے گا جیسے کہ

ہر گل ہوس نے حسن پرستی کی ~~ ہے

اب آب روئے شیوہ اہل نظر گئی

یہ صورت حال تباہی کا باعث ہو گی اس سے disintegration ہو گا، فساد ہو گا یہ بھی فرمایا کہ اختلافات ہیں، درست ہے لیکن ہمارے اختلافات اس وقت 1952 میں ختم ہو گئے جب 33 علماء نے، پاکستان کے 33 علماء نے ایک مشترکہ اجلاس میں جس میں ہر فرقہ کے باقاعدہ مجتہد اور جلیل القدر علماء شامل تھے، اہل شیعہ کے بھی، اہل سنت کے بھی، مقلد بھی غیر مقلد بھی، یعنی سلیمان ندوی صاحب موجود ہیں، سید ابو اعلیٰ مودودی موجود ہیں، اہل سنت کے سب علماء موجود ہیں، سید محمد داود غزنوی غیر مقلدین کے وہاں موجود ہیں، بائیس نکات مرتب کئے۔ ان بائیس نکات کے تحت فرقہ بندی ختم ہو گئی کیونکہ انہوں نے کہا ہے کہ ہم کتاب اللہ کو سپریم لاء مانتے ہیں باقی کسی مسلک کی کسی مسلک کی فوقیت نہیں ہے۔ یہ جو ہمارا شریعت بل سامنے آیا ہے اس کے اندر بھی بحثیں ہوئی ہیں کہ جس مسلک کی اکثریت ہے اسی کو سٹیٹ لاء مانو، اقلیت کو پرسنل لاء قرار دو۔ اس پر بڑی بحثیں ہوئیں لیکن ہم نے یہ فیصلہ کیا کہ کتاب وسنت کی بالادستی رکھو گے تو بہتر ہے کیونکہ یہ باقاعدہ طور پر کتاب وسنت جو ہے checking post ہے۔ جو حنفی ہے، شافعی ہے، مالکی ہے، حنبلی ہے، جعفری ہے، وہ اپنے لئے کوئی بھی قانون لائے گا تو وہ اسی صورت میں قبول ہو گا جب کتاب و سنت اس کی تصدیق کرے گی ورنہ مسترد ہو جائے گا۔

جب میں کمیٹی کا چیئرمین تھا تو اس وقت مجھے شیعوں نے کہا کہ ہم پرسنل لا بھی نہیں مانتے ہمارا وہی لا ہے جو سب کا ہے، اہل شیعوں نے پرسنل لا واپس کر دیا۔ ان حالات میں

میں سمجھتا ہوں کہ یحیٰی بختیار صاحب کو چاہیئے کہ وہ شریعت کے بل کو پڑھیں گے ' دیکھیں گے تو انہیں معلوم ہو گا کہ اس کے تحت فرقہ بندی ختم ہو گئی ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خدا کے قانون کی وکالت کے بعد ' ترجمانی کے بعد جب یہ بھی فرما دیا۔

عربی

میرا جو فیصلہ ہے ' یہ تمہارے لئے binding ہے ' پھر تمہارے خلفاء راشدین ہیں ان کا بھی binding ہے۔ حضورؐ نے فرمایا کہ میرا قول اگر قرآن پاک کے خلاف دیکھو تو یہ میرا قول نہیں ہے۔ ابو حنیفہ رحمتہ اللہ علیہ نے کہا کہ میرا اجتہاد اگر تمہارے پاس ہو اور نبی پاک کی خبر واحد آ جائے تو میرے اجتہاد کو مسترد کر دو۔ میں سمجھتا ہوں کہ یحیٰی بختیار صاحب ملک و ملت کی خدمت کریں گے اگر وہ دیکھیں گے کہ ملک و وحدت کے اندر جو خلل پیدا ہو رہا ہے ' ملک و ملت کی واحدت کے اندر تعصّبات پیدا ہو رہے ہیں ' صوبائیت ' رنگ و نسل کی لعنتیں پیدا ہو رہی ہیں تو پھر یہ کہیں کہ

بتان صوبہ و قبائل کو توڑ      رسوم کے سلاسل کو توڑ

یہی دین محکم یہی فتح باغ کہ دنیا میں توحید ------

جناب پریذائیڈنگ آفیسر : جی یحیٰی بختیار صاحب۔

**Mr. Yahya Bakhtiar :** Sir, I will make a submission because there is some very serious misunderstanding because Prof. Khurshid Sahib thought I am confused and I agree my knowledge is very limited but with all respect I say I am not confused. He thought I am referring to the Shariat Court's decision about Riba. I have brought up a general proposition, I have not said anything about the judgement on Riba.

I did not say that and اگر آپ کو ایک بات کلیئر ہے تو اس یہ اور کچھ نہیں ہو سکتا even that is not clear with all respect. What is that judgement? I will ask with all respect Professro Sahib you say "سود" is "حرام" yes. Allah has said this. I don't dispute but can you impose the injunctions of Islam on minorities, can you impose it on Hindus and Christians, does Islam teach you that injunctions of Islam or this judgement should be imposed on Hindus and Christians?

*(Interruption)*

**Mr. Yahya Bakhtiar:** No. No. I don't agree you can't impose the injunctions of Islam without their consent but any way I am not going in to that question at all, Sir. My submission was that I have gone on the general proposition, I have asked him a simple question, I have great regard for Professor Sahib, I have great regard for Maulana Abdul Sattar Khan Niazi I don't dispute for a moment what they have said about the Holy Prophet (PBUH), what they have said about the injunctions of Islam, my simple proposition was I am not confused about the sovereignty, I said who is going to exercise the sovereign power? Read the Objective Resolution, we all believe that this is a document which has respect of every one, which has been included in the Constitution, which is justiciable. What does it say? It says that the severeignty belongs to Allah Almighty alone. It is delegated to the people of Pakistan as a sacred trust and that sacred trust shall be exercised by the chosen representatives of the people within the limits prescribed by Allah. This power is to be exercised by the chosen representatives, Chosen representatives will decide what is Islamic and what is not Islamic, what is an injunction of Islam and what is not, nobody outside can decide that. This is your Objective Resolution, please read that. Either you reject the Objective Resolution and say no, Ulema may be very great ulema, they are very learned people but I will not accept their judgement because this is the only way left out for us. Again he (Maulana Niazi) said about the Ijtehand, I said Ijtehad you need, Allama Iqbal repeatedly said in his lecture that in assembly of ulema which includes Muslim jurists who are acquainted with modern jurisprudence, they should sit together so that if needed they could reinterprete injunction according to the modern conditions. I am not saying that we will re-interpret the injunctions of Islam pertaining to Riba but there are many other matters which may not be clear and you will require Ijtehad. That is as far Maulana Abdul Sattar Khan Niazi is concerned I think the doors of Ijtehad have to be opened.

تین سو سال سے ہیں ہند کے مے خانے بند
اب مناسب ہے تیرا فیض ہو عام اے ساقی

And that is what Allama wanted that the doors of Ijtehad to be opened, it is very clear. (Turning to Prof. Khurshid)

وہ بات سارے فسانے میں جس کا ذکر نہ تھا
وہ بات ان کو بہت ناگوار گزری ہے

I did not say anything about "سود" at all. کہ میں سود کو حرام نہیں سمجھتا۔ اس کے بعد آپ یہ فرما رہے ہیں کہ جی یہ تو کہہ رہے ہیں کہ sovereignty وہاں کی انگلینڈ کی ہے۔ میں نے صرف اتنا عرض کیا کہ جناب آپ یہ اختیارات جو ہیں ساورن پاور ہیں۔

Legislation I may not know but I think when you repeal a law this amounts to legislation, and even when the Shariat Court says that this law is repugnant to injunctions of Islam then that is repealing it, it is struck down. Please don't confuse, I was citing Roosevelt to show that such problem had arisen in America in a different context but the difference is Sir, when it is an ordinary law of the land man made law your Supreme Court and can strike it down for repugnancy with the Constitution. I don't care but Supreme Court cannot interpret the law of God, the law of Allah, that power is only with this House to strike down a law in consistent with the Injunction of Quran. That is what I am saying that there is a distinction between the two man made law *i.e.* in England, in America and we have in our Constitution also but what we are facing here is a very serious problem interpretation of the injunctions of Islam, Quranic injunctions. I do not want to go in more details but that power if you give it to the people outside the Parliament then that will create very very serious problem. Sir, they say that we should not touch Ijtehad, we should accept how the Law was interpreted a thousand years ago or eleven hundred years ago, I with all respect don't agree. I said this Sir, and I do not know what Maulana Sahib said. I bow down to that what the Holy Prophet (PBUH) said, Holy Prophet (PBUH), I said, whatever interpretation he gave of the Holy Quran is binding on us, on everyone, nobodycan dispute that, but after that what Allama Iqbal said no surrender to anyone in spiritual matter, after the Holy Prophet, that was said in the context of Mirza Ghulam Muhammad. Mirza Ghulam Muhammad said that I will interpret the law for you, I will interpret the law of Quranbecause my interpretation is correct, I get directly inspired by Allah, I get revelation and whatever interpretation I give that interpretation is binding on you because I am in direct communication with Allah Almighty. Some people accepted that who followed him. The other Muslims refuted him they said no, we will not accept the interpretation

of any body binding on us except the Holy Prophet's (PBUH). Sir this Hadith with all respect to professor Sahib who is a very learned man, I am not, this Hadith of the Prophet (PBUH) لا نبی بعدی it is the charter of freedom for man, the best charter the mankind could get, this is emancipation declaration for mankind what was happening before? Before that there were Prophets and series of Prophets like the tirbal Sardars, they were coming in this world they were guiding people, they were leading people at the same time their orders, their injunctions were binding. This went on and on and mankind was enslaved because their ru.ings were binding, of what the Prophets said. The Prophet of Islam (PBUH) he gave us emancipation, he gave us freedom that after me there is no prophet, nobody can give you any ruling which will be binding on you. Nobody can give any interpretation that may be binding on you, you are free to think for yourself, interpret for yourself, this was emancipation declaration of the Prophet (PBUH) and I am going to follow that. Therefore, I submit that after that that you have to follow the ruling of a particular person I don't accept that. far Iqbal is concerned I am very clear we all know, why Muslims repadiated the new "Prophet" or anybody who claims to be a "Prophet" because he says his interpretation is binding, because Mirza Ghulam Muhammad also said that he believed in the same Quran, that he interpreted it for us and as Allama said:

(فارسی شعر)

عصر من پیغمبرے ہم آفرید
ان کہ در قرآن بجز از خود ندید

He only saw himself and nothing else in the Quran. So that is very different thing. What I am submitting Sir, and very humbly that this is a serious problem which need to be given leave, which has to be considered because injunctions of Islam can only be interpreted keeping in view the Objective Resolution by this House, by the elected representatives of the people, not people outside. I have get respect for them, they may be learned. But we also have very learned Ulema in this House. we have learned people in this House it is not that we don't have them, they can guide us, we can always get the assistance of the Council of Islamic Ideology. So with these words, Sir I will again submit that I never was for any particular issue, I have gone on a general issue, and general powers and I would request that leave may be granted and this Bill may be allowed to be introduced. Thank you, Sir.

**Mr. Presiding Officer :** Thank you very much. Minister for Parliamentary Affairs.

*(Interruption)*

We have had quite a lengthy discussion on this already. I will give some time to the honourable Minister to express his views and after this we put the motion to the House.

(مداخلت)

چوہدری امیر حسین : جناب والا میں نے کچھ گزارشات کرنی ہیں...............

جناب پریذائیڈنگ آفیسر : بہرحال سید عبداللہ شاہ صاحب کو سنتے ہیں پہلے مختصر طور پر۔

**Syed Abdullah Shah :** May I just add only one thing?

جناب پریذائیڈنگ آفیسر : جی مختصر کریں۔ please

**Syed Abdullah Shah :** Sir, I will not repeat what has been said and I will request the House through you that this Bill should not be rejected like that, this is a very constructive Bill and I am sorry to say that the honourable Senators think that we are not qualified to make laws. Sir, if that is so then I don't know why we are here. Because they say that when Mujtahids will come only they can make Islamic laws.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر : نہیں نہیں یہ بات نہیں ہوئی یہاں پہ —

**Syed Abdullah Shah :** Sir, this is what they said. This is what has been said. Now Sir, this amendment which is in the Constitution this was introduced in the 73 Constitution under Martial Law. You know that Martial Law negates all the laws, you know why it was accepted by 1985's Assembly because the honourable members then were given no other option but to accept it otherwise Martial Law will not be lifted.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر : شاہ صاحب ذرا جلدی پلیز۔

**Syed Abdullah Shah :** So, Sir, I will request the House that it is a very constructive amendment, please let it go to the Committee, let it be considered by them. Afterall for this constitutional amendment, we

require two-third majority for it. It will not be passed just like a whiff so it is not proper that such well drafted amendment on a constitutional issue should be withered like that. Thank you very much.

جناب پریزائڈنگ آفیسر : جی منسٹر صاحب

چوہدری امیر حسین : شکریہ جناب چیئرمین۔ مجھے بہت احترام ہے۔ جناب یحیٰی بختیار صاحب کا

**Mr. Abdul Rahim Mandokhel:** Mr. Chairman, you are not giving me the chance.

**Mr. Presiding Officer:** Will you be the last speaker?

جناب عبدالرحیم خان : یہ اور بات ہے کہ کوئی اور ہو۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر : نہیں اور نہیں۔ اب وقت نہیں ہے۔

جناب عبدالرحیم خان : جناب چیئرمین میں جناب یحیٰی بختیار صاحب نے جو ترمیم پیش کی ہے اس کی تائید کرتا ہوں۔ اسے کمیٹی کے حوالے کیا جائے۔ اس میں یحیٰی صاحب نے بنیادی چیز یہ پیش کی ہے کہ لا میکنگ اتھارٹی' لیجیسلیٹو پاور اور لا انٹرپریٹنگ اتھارٹی' یہ فرق یحیٰی صاحب نے یہاں رکھا ہے اور لا میکنگ اتھارٹی' جیسا کہ یہاں ہمارے بزرگوں نے بھی فرمایا ہے' ساورنٹی' ساورنٹی ہمارے آئین میں بھی ہے کہ sovereignty is with Allah لیکن وہ ساورنٹی یہاں people میں ان کے تھرو ایکسرسائز ہوتی۔ یہ ہے بات۔ تو اس حوالے سے جناب والا آئین میں جو ادارہ لا میکنگ ہے اور جو ساورنٹی کو ایکسپریس کر رہا ہے وہ لا میکنگ کا سائیڈ ساورنٹی کا وہ پارلیمینٹ یہاں اس آرٹیکل کے ذریعے لا میکنگ کے جس ادارے کو اختیارات دیئے گئے ہیں جناب والا ان کے اختیارات جوڈیشل ہیں اور جوڈیشل اختیارات کے معنی صرف interpretation if a law making in the light of Sunnah. Quran and اور صرف interpretation of that law to a particular case اور یہ ایک پہلو ہے Sunnah

یہ اور پہلو ہے۔ اس میں اصل میں وضاحتیں دی ہیں کہ مختلف، دنیا کی کورٹس میں یا دنیا کے مختلف اداروں میں کیا پوزیشن رہی۔ یہاں یہ اختیارات چھین لئے گئے ہیں اور جیسا کہ یہاں ہمارے بزرگوں نے بھی کہا ہے کہ کورٹس کو یہ اختیارات، مختلف کورٹس کو یہ اختیارات آف لامیکنگ، اس سے کنفیوژن پیدا ہوتا ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: نہیں نہیں۔ کورٹس کو نہیں ہیں مثلاً یہ اختیارات۔

جناب عبدالرحیم خان: جناب والا جب یہاں وہ انٹرپریٹ کرتے ہیں کہ یہ لا آیا ہے انجنکشن آف اسلام کے مطابق ہے اس کے معنی ہیں جیسا کہ یحییٰ صاحب نے فرمایا یہ ہے اور amendment to the law, it is repeal of a law یہ ہے۔ اور amendment and repeal of a law is law making.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: یہ امنڈمنٹ بھی نہیں ہے۔ وہ امنڈ نہیں کر سکتے۔

جناب عبدالرحیم خان: جب وہ یہ دے دیتے ہیں کہ یہ ریپیل کیا جائے۔ مثلاً ابھی شریعت کورٹ نے یہ دیا ہے کہ ابو یہاں ربو کا مسئلہ نہیں ہے ربو تو یہاں بھی ڈسکس ہو سکتا ہے کہ یہ ربو ہے اور فلاں transaction ربو ہے۔ اور یہ اسلام کے خلاف ہے۔ لیکن یہاں یہ اختیار کسی اور کو ملا ہے اس لئے it amounts to lawmaking, it amounts to repeal of a law, it amounts to amendment of a law اس لئے یحییٰ صاحب نے جو پوزیشن اختیار کی ہے وہ اصل میں لامیکنگ کا مسئلہ ہے۔ اور ساورنٹی کا مسئلہ ہے۔ sovereignty of the people باقی یہ کہ کون اس کے قابل نہیں۔ ان کی قابلیت کا مسئلہ بھی یہ ہے۔ خواہ اجتہاد کا ہے خواہ دوسروں کا ہے۔ اس میں علامہ اقبال کا بھی یہی ہے اور دوسروں کا بھی کہ وہ representatives of the people وہ کوالیفائیڈ ہیں ہمارے آئین میں بھی۔ میں اتنا ہی کہنا چاہوں گا کہ اسے کمیٹی کے حوالے کیا جائے اور یہ بہت اہم اور بنیادی ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت بہت شکریہ۔ حافظ صاحب اب وقت کافی ہو گیا ہے میرا خیال ہے کہ منسٹر صاحب کو wind up کرنے دیں and then we will put it before the House آپ کا بہت شکریہ۔

*(Interruption)*

**Mr. Presiding Officer:** Then we have got to wait till the next private members day to continue this debate

مولانا سمیع الحق : میں نے یہی تجویز پیش کی تھی کہ آپ وزیر قانون صاحب سے بات کروالیں۔ یہ بڑا لمبا موضوع ہے۔ وزیر قانون بات کرلیں وہ ٹھیک ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر : میں یہی کہہ رہا ہوں کہ وزیر قانون اسے وائنڈ اپ کرلیں Then we will put it to the House. حافظ صاحب آپ ذرا تشریف رکھیں۔ انہیں وائنڈ اپ کرنے دیں۔

چوہدری امیر حسین : جناب میں گزارش کرتا ہوں کہ بہت سے دلائل جو میں نے اس آئینی ترمیم کی مخالفت میں دینے تھے وہ میرے فاضل دوستوں نے' پروفیسر خورشید صاحب نے' راجہ صاحب نے' مولانا صاحب نے دے دیئے ہیں۔ میں بہت مختصر گزارش کروں گا۔ ایک نکتہ پر بڑا زور دیا جارہا ہے کہ خدانخواستہ شاید آرٹیکل 203 (ڈی) کی وجہ سے پارلیمنٹ کے اختیارات کو سلب کیا گیا اور یہ argument دیا جارہا ہے کہ فیڈرل شریعت کورٹ کو 203 (ڈی) کے تحت لیجسلیشن کے اختیارات دے دیئے گئے ہیں اس لئے یہ اختیار ان سے واپس لیا جائے اور پارلیمنٹ کو دیا جائے۔ ایک نکتہ یہ ہے جس پر سٹریس کیا جارہا ہے۔ جناب والا میں گزارش کرنا چاہتا ہوں۔ جناب کی اجازت سے میں صرف 203 (ڈی) پڑھوں گا جس میں کہیں بھی فیڈرل شریعت کورٹ کو قانون سازی کا اختیار نہیں دیا گیا بلکہ جیسا کہ راجہ ظفرالحق صاحب نے فرمایا کہ تمام دنیا میں قانون کو انٹرپریٹ کرنے کا' قانون کی تشریح کرنے کا اختیار صرف اور صرف عدالتوں کے پاس ہوتا ہے۔ چنانچہ اس آرٹیکل 203 (ڈی) کے تحت جسے یہ ڈیلیٹ اور اومٹ کرانا چاہتے ہیں صرف اختیار ہے عدالت کے پاس یہ قرار دینے کا کہ

provision of particular law is against the Injunctions of Islam or not.

یہ جناب والا اختیار ہے۔ میں جناب والا آپ کی اجازت سے اسے پڑھوں گا۔

203 (ڈی)

"The Court may, (either of its own motion or) on the petition of a citizen of Pakistan or the Federal Government or a Provincial Government, examine and decide the question whether or not any law or provision of law is repugnant to the Injunctions of Islam, as laid down in the Holy Quran and the Sunnah of the Holy Prophet, hereinafter referred to as the Injunctions of Islam.

یہ اختیار ہے عدالت کے پاس' اس سے آگے نہیں۔ اب جناب والا میں یہ ثابت کرنے کی کوشش کروں گا کہ قانون سازی کا اختیار صرف اور صرف پارلیمنٹ کے پاس ہے۔ میں جناب کی توجہ دلاؤں گا۔ یہ ہے جناب اسی کی کلاز 3۔ میں نے جناب کا وقت بچانے کے لئے سارا نہیں پڑھا۔ کلاز 3۔ اس میں' میں یہ ثابت کرنے کی کوشش کروں گا کہ اختیار صرف پارلیمنٹ کو ہے۔

(3) If any law or provision of law is held by the Court to be repugnant to the Injunctions of Islam.

پھر جناب والا کیا ہو گا۔ کہ اگر فیڈرل لاء ہو گا یا Concurrent List میں ہو گا یا Provincial Law ہو گا تو اس کا پروسیجر دے دیا گیا ہے۔

(a) "the President in the case of a law with respect to a matter in the Federal Legislative List or the Concurrent Legislative List, or the Governor in the case of a law with respect to a matter not enumerated in either of those Lists, shall take steps to amend the law so as to bring such law or provision into conformity with the Injunctions of Islam."

جناب ہو گا کیا

سید اقبال حیدر: اسے آگے بھی پڑھیں۔ And .....

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی پڑھ لیں۔

چوہدری امیر حسین: And (b) such law or provision shall, to the extent to which it is held to be so repugnant, cease to have effect on the day on which the decision of the Court takes effect.

جناب والا ہو گا یہ کہ عدالت قرار دے دے گی کہ یہ قانون اسلام کے خلاف ہے۔ اور اس

کے مطابق قانون میں ترمیم کرنے کی یا نیا قانون بنانے کی جو پاور ہے وہ فیڈرل لا کے بارے میں صرف پارلیمینٹ کو جس کی assent پریذیڈنٹ دے۔ اور صوبائی لا کے بارے میں صرف صوبائی اسمبلی کو جس کی منظوری گورنر دے گا۔ اور قانون سازی کا اختیار عدالت کو کبھی نہیں دیا گیا۔ مجھے ان کا بڑا احترام ہے لیکن ان کے اس argument سے میں قطعاً اتفاق نہیں کرتا کہ قانون سازی کا اختیار دے دیا گیا ہے۔ صرف ان کے پاس اختیار ہے ٹھیک ہے جناب والا امریکہ کی' برطانیہ کی اور دوسرے یو ؤ پ ین ممالک کی ہم مثال دے نہیں سکتے خدانخواستہ اگر وہاں یہ قانون پاس ہو جاتا ہے کہ کوئی خلاف شرع sodomy کو وہ جائز قرار دے دیں ہم پاکستان میں نہیں دے سکتے جیسا کہ خود انہوں نے فرمایا objective resolution ہے اور preamble ہے ہمارے آئین کا کہ sovereignty over the whole universe اور یہ ہمارے پاس ایک sacred trust belongs to Allah ہے اور limits مقرر کی گئی ہیں جن کے تحت ہم نے وہ exercise power کرنی ہے چنانچہ اس لئے جناب والا گزارش کروں گا کہ 203 (ڈی) کو ڈیلیٹ کرنے کے لئے انہوں نے جو یہاں لکھا ہے 203 (ڈی) کو ڈیلیٹ نہیں کیا جانا چاہیئے اس لئے کہ جس بنا پر وہ ڈیلیٹ کرانا چاہتے ہیں وہ پہلے بھی عدالت کے پاس اختیار نہیں ہے۔

جو وہ delete کرانا چاہتے ہیں 203 (ای) ' جس کی کلاز 4 سے لیکر 8 تک' وہ کہتے ہیں کہ ان کو بھی delete کر دیا جائے جناب والا 4 کیا ہے کہ میں پڑھتا نہیں

"A party to any proceedings before the Court......":

اس میں 4 یہ کہتی ہے کہ اگر کوئی پارٹی عدالت کے سامنے جاتی ہے تو وہ وکیل کے ذریعے اپنا موقف پیش کر سکتی ہے یہ تو عین اسلام کے مطابق ہے جناب والا کہ کسی کو unheard condemn نہیں کیا جاتا اور international بھی یہ ہے اور بلکہ fundamental principle English Law کا بھی یہ ہے۔

**Mr. Presiding Officer:** Mr. Yahya Bakhtiar on point of order.

**Mr. Yahya Bakhtiar:** Sir, the Ministe for parliamentary Affairs is misleading the House. This is only if a person goes in connection with Article 203-D, only in connection with 203-D then he is prohibited

because 203-D goes away. After 203-D goes away then there is not question of anybody going to the court, the court will not have that power. It is only in connection with 203-D that as I have said, these are consequential amendments.

چوہدری امیر حسین : جناب والا میں مختصراً عرض کرتا ہوں وقت بہت ہو گیا ہے جناب والا میں گزارش یہ کرتا ہوں کہ اسی میں ایک اور provision ہے جس میں ہے کہ شریعت کورٹ میں جناب والا کورٹ فیس نہیں لگاتے تو یہ کہتے ہیں کہ نہیں یہ بھی delete کر دو یعنی ایک تو جناب والا یہ ' دوسرا جناب والا جو یہ delete کرنا چاہتے ہیں وہ یہ ہے جو fundamental principle ہے کہ اگر فیڈرل شریعت کورٹ ایک فیصلہ کرتی ہے تو اس کے خلاف Appellate Bench میں اپیل کی جا سکتی ہے یہ بھی کہتے ہیں delete کر دیں اگر فیڈرل شریعت کورٹ ایک فیصلہ کرتی ہے تو respective High Court پر اس کی پابندی ہوتی ہے یہ بھی وہ کہتے ہیں delete کر دیں اس لئے میں گزارش کرتا ہوں کہ............

**Mr. Yahya Bakhtiar:** Sir, I have said that he (Minister for Parliamentary Affairs) is saying that this power is taken away. It is only in connection with 203-D you cannot go to the Federal Appellate Court because that provision is no longer in the Constitution. That is what I said. But he (Minister for Parliamentary Affairs) is deliberately trying to confuse.

چوہدری امیر حسین : جناب والا چونکہ وہ میرے senior colleague ہیں میں ان کو dispute نہیں کرنا چاہتا گزارش یہ کرنا چاہتا ہوں کہ اگر یہ 203 (ڈی) کو delete کر دیا جاتا ہے تو پھر سیدھی طرح کہیں کہ Chapter 3A پورے کو delete کر دیا جائے جیسے وہ consequential کہہ رہے ہیں باقی اس میں رکھا گیا ہے چنانچہ یہ چاہتے ہیں کہ وہ پورا chapter جس کی وجہ سے Islamization کا عمل یہاں شروع ہوا اور جس کی وجہ سے اس ملک میں غیر اسلامی قانون نہیں بنایا جا سکتا اس کو ختم کر دیا جائے میں جناب والا بڑی سختی سے اس کی مخالفت کرتا ہوں اور اپنے دوستوں فاضل ممبران سے بھی کہوں گا کہ وہ اس کی مخالفت کریں بلکہ اپنے senior colleague سے گزارش کروں گا کہ وہ اس کو press نہ کریں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: مہربانی شکریہ،

Mr. Yahya Bakhtiar, I think, we have had enough discussion on this.

**Mr. Yahya Bakhtiar:** Mr. Chairman, Sir, one minute. On one or two points, I will make submission.

(1) Maulana Abdul Sattar Khan Niazi has very rightly pointed out that whether who can do 'Ijtehad' or who cannot do it, who can declare the law to be repugnant or not? This he said is already given to this House.

Article 227 says:—

> "All existing laws shall be brought in conformity with the Injunctions of Islam, is laid down in the Holy Quran and Sunnah in this Par referred to as the Injunctions of Islam, and no law shall be enacted which is repugnant to the Injunctions of Islam".

All this power which is given in it, we already have it. Why again, repeated.

جناب بوستان علی خان ہوتی: point of order جناب چیئرمین سمجھ میں نہیں آ رہا کہ آپ right of reply کتنے دفعہ معزز ممبر کو دیں گے۔ یہ بحث تو پھر ختم ہی نہیں ہو گی۔ چار پانچ دفعہ ہو گیا جناب۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: تشریف رکھیں۔

**Mr. Yahya Bakhtiar:** One more, Sir. Prof. Sahib said, Eighth Amendment. I hope he does not mind. In the Eighth Amendment, Sir, we have said, sovereignty is limited in Pakistan. They agreed with me, that it belongs to Allah Almighty alone and it shall be exercised within the limits prescribed by Allah, but the Eighth Amendment says, no. It says: Parliament is but unlimited sovereignty. Read the Section,—

> For the removal of doubt, it is hereby decided/declared that there is no limitation whatsoever on the power of the Majlis-e-Shoora or Parliament to amend any provision of the Constitution.

It means that they can repeal the Objective Resolution. This was not in 1973 but they brought it in under Eighth Amendment.

**Mr. Presiding Officer:** Thank you very much.

I think, now, let me put this question to the House—

> "That Mr. Yahya Bakhtiar seeks leave of the House to introduce the Constitutional (Amendment) Bill, 1992".

*The motion was negatived.*

**Mr. Presiding Officer:** So, the Bill is dropped.

**مولانا سمیع الحق :** پوائنٹ آف آرڈر جناب والا چار بجے سے لیکر اب تک تقریباً تمام حضرات تھک چکے ہیں اور وہ Call Attention اسی لئے دیا جاتا ہے کہ اس پر کوئی مختصر سی رائے آجائے۔ میں نے یہ نوٹس دیا ہے وزیر دفاع صاحب موجود ہیں کہ عمرے کے ٹکٹ میں فوراً پانچ ہزار روپے کا اضافہ پورے ملک میں تشویش کا ذریعہ بنا ہوا ہے یہ ایک مقدس عبادت ہے حج بیت اللہ کے بعد تو مسلمانوں کے لئے یہ بھی ایک اہم عبادت ہے اور اس پر اچانک پانچ ہزار روپے کا اضافہ کرنا 13 ہزار روپے کے بجائے 18 ہزار روپے کا ہو جانا بجا طور پر اس پر لوگوں کو تشویش ہے ویسے تو 13 ہزار روپے بھی زیادہ تھا آپ دیکھتے ہیں کہ جہاں ہمارے لوگ تفریحی طور پر یورپی ممالک میں گروپوں کی شکل میں جاتے ہیں ان کے لئے تو یہ رعایتیں دے دیتے ہیں بڑے بڑے concessions ہو جاتے ہیں۔ اور مسلمان کے لئے ایک ہی روحانی تسکین کا راستہ............

**Syed Iqbal Haider:** Sir, this is No. 17 on the Order of the Day and let us start discussion from No. 6 on the Order of the Day.

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر :** مولانا صاحب آپ ایک منٹ ذرا تشریف رکھیں جیسا کہ مولانا صاحب نے فرمایا ہے اس وقت کافی دیر ہو چلی ہے and I think this discussion on law and order would be a very lengthy discussion. So, I would like to have the sense of the House whether they would like to start with this now or can we postpone it to the next date?

**Syed Iqbal Haider:** Sir, law and order is a very important subject. Let it come tomorrow because day after tomorrow we will be discussing the Presidential Addrss. So, tomorrow we can continue the law and order topic.

**Mr. Presiding Officer:** I don't think, we can have it tomorrow because according to the schedule given to us we are not having any sitting tomorrow, so it will have to be postponed till next Sunday, and I do agree with you that it is a very important subject and it ought to be discussed. but I don't think, the members now, if they all agree, I have no objection we can sit.

**Syed Iqbal Haider:** We agree, Sir.

**Mr. Presiding Officer:** Those who are in favour of starting this discussion on law and order, please say, Yes.

*(Ayes)*

Those who want the House to be adjourned, please say no.

*(Noes)*

**Syed Iqbal Haider:** They say no.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر : مولانا نے جو کچھ کہنا تھا وہ کہہ دیا ہے شاہ صاحب یہاں تشریف رکھتے ہیں وہ ایک مختصر سا بیان دے دیں۔

مولانا سمیع الحق : جناب والا میری صرف اتنی گزارش تھی کہ اسی کے ساتھ اسی میں میں نے یہ بھی ذکر کیا تھا کہ بلا کسی فیصلے کے اور بجٹ کے اتنے اضافے کرانا 6 دن کے اندر اندر بجلی پر بھی ڈھائی فیصد ایک دفعہ اضافہ ہوا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر : جناب مولانا صاحب یہ آپ بعد میں لے کر آئیں اس وقت صرف جو عمرے کا ایشو ہے اس کے متعلق آپ فرمائیں۔

مولانا سمیع الحق : جناب یہ عمرے کے کرائے پر نظر ثانی ہونی چاہیئے اور پہلے سے جو ٹکٹوں پر کرایہ بہت زیادہ تھا غریبوں کی استطاعت سے بہت زیادہ تھا اور اس کو کم کرنے کے بجائے اور بڑھا دیا گیا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر : جناب وزیر صاحب اپنا بیان دے دیں۔

سید غوث علی شاہ : جناب چیئرمین ' میرے خیال میں news item جس طریقے سے آئی ہے اس سے کوئی غلط فہمی ہوئی ہے کرائے کی پوزیشن ایسی ہے کہ مسلم ممالک اور خاص طور پر وہ ممالک جہاں مسلم آبادی ہے انہوں نے IATA کے ساتھ ایک agree-ment کیا تھا کہ ہمارے لوگ عبادت کے لئے جاتے ہیں ان کے لئے عمرے کی ٹکٹ میں کوئی نہ کوئی آسانی دی جائے تو اس کی بنا پر ہمارے پاس دو ہی طریقے تھے ایک excursion ٹکٹ کہلاتی تھی اس میں عمرے کے لئے جب انسان جاتا تھا تو تیرا ہزار روپے اور کچھ پیسے اس کو دینے پڑتے تھے۔

(مداخلت)

سید غوث علی شاہ : جناب میں یہ عرض کر رہا تھا کہ یہ excursion ٹکٹ کا agreement تھا لیکن ایاٹا اور دوسری جو ائیر لائنز تھے انہوں نے اعتراض کیا اس سے فرق پڑتا ہے اس لئے یہ نہ کیا جائے ہم نے اس کو resist کیا لیکن موجودہ پوزیشن یہ ہے کہ حج کے چار مہینے پہلے اور ایک مہینہ بعد یہ consession جو ہوگی وہ ہوگی اس کے بعد یہ applicable نہ ہوگی پچھلے سال بھی ایسا ہی ہوا تھا اور اسی کے مطابق اس سال dates کا فرق ہوا ہے کیونکہ انگریزی کیلنڈر کے مطابق دس دن کا فرق پڑتا ہے تو اس وجہ سے یہ 8 فروری سے applicable ہے اس میں نہ پی آئی اے نے کیا نہ گورنمنٹ آف پاکستان نے کیا ہے یہ ایاٹا کے رولز کے مطابق ہے اور پھر یہ اس period کے لئے ہوگا جس کا میں نے چار مہینے اور ایک مہینہ ذکر کیا اس کے بعد پھر وہی excursion کی ٹکٹ applicable ہوگی اور یہ صرف پاکستان کے لئے نہیں ہے یہ انڈیا کے لئے بنگلہ دیش کے لئے اور افریقین ممالک جہاں پر مسلمان ہیں سب کے لئے ایک ہی قانون ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر : بات تو یہ ہوئی کہ factually حج کے کرائے زیادہ ہوگئے ہیں پچھلے سال۔

سید غوث علی شاہ : حج کے کرائے کی تو بات نہیں ہے اس وقت صرف عمرے کی بات کر رہے ہیں۔

that is a separate issue. Am I clear, Sir?

**Mr. Presiding Officer:** Right. Thank you very much.

مولانا صاحب منسٹر صاحب نے بتا دیا ہے۔

مولانا سمیع الحق : ہمارے پاس ابھی بھی ٹکٹ ہے۔ 19520 روپے کا ایک ٹکٹ بن گیا ہے دنیا یک دم جو بھی فیصلہ کرے گی تو کیا آپ اپنے عوام کی مشکلات کو نہیں دیکھیں گے۔

پروفیسر خورشید احمد : ایاٹا والے جو بھی کہتے رہیں کوئی راستہ نکالیئے۔

سید غوث علی شاہ : فرق پانچ ہزار روپے کا نہیں ہے۔ 3315 روپے کا ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر : اس پر کوئی نظر ثانی کی گنجائش ہے۔

سید غوث علی شاہ : ہمارے بس کی بات نہیں ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر : آپ اتنے بھی تو بے بس نہیں ہوں گے۔

مولانا سمیع الحق : حکومت اتنی بے بس تو نہیں ہے یہ بوجھ حکومت اپنے ذمہ لے لے۔ عوام پر بوجھ ڈالنے کی بجائے ایاٹا کا جو فیصلہ ہے وہ پی آئی اے برداشت کرے۔

سید اقبال حیدر : محترم وزیر صاحب نے فرمایا کہ concessional ریٹ 8 فروری کے بعد سے applicable ہو گا میرے خیال میں مولانا سمیع الحق صاحب اپنے پرانے ٹکٹ پر refund لے لیں آج 9 فروری ہے آج نیا ٹکٹ خریدیں انہیں شاید اس کے اوپر concession مل جائیگا۔

جناب عبدالرحیم خان : ہمارے لوگ بالکل غریب ہیں یہ رعایت ہونا چاہیئے میں مولانا سمیع الحق صاحب کی اس بات کی تائید کرتا ہوں کوئی ایسا طریقہ نکالنا چاہیئے کیونکہ ہمارے لوگوں کے پاس یہ گنجائش نہیں ہے وہ تین ہزار یا چار ہزار روپے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر : میرا خیال ہے کہ میں آپ سب کی طرف سے پرزور سفارش کرتا ہوں سینٹ کی طرف سے وزیر صاحب کو کہ آپ جتنی relief لوگوں کو دے سکیں ضرور دیں۔

Thank you very much. The House is adjourned to meet again on the 11th February, 1992 at 10.00 a.m.

*[The House adjourned to meet again at ten of the clock in the morning on Tuesday, 11th February, 1992].*

PCPPI—485(96) Senate—2-1-99—180.